عابد کمبی نیشن گائیڈ

(گنجینہ مجربات)

ڈاکٹر مسعود

ڈاکٹر عابد

عثمان پبلی کیشنز

فہرست

Scanned by CamScanner

پیش لفظ

ہومیوپیتھک اور بایوکیمک طریقِ علاج میں اگرچہ مریض کے لئے مفرد دوا انتخاب کرنا ہی زیادہ صحیح معمول تصور کیا جاتا ہے۔ لیکن مریض سے عین مطابقت اور مماثلت رکھنے والی واحد دوا کا انتخاب بسا اوقات بہت محال ہوتا ہے۔ کئی ایک ادویہ بیک وقت مریض کے حسب حال ضروری محسوس ہوتی ہیں۔ ایسی تذبذب کی کیفیت میں مریض کے لئے انتخاب شدہ مفرد دوا اکثر اوقات اسے شفا کی منزل سے ہمکنار کرنے میں ناکام رہ جاتی ہے۔

ہومیوپیتھک اور بایوکیمک تھیراپی کے علم بردار دنیا کے بڑے بڑے ڈاکٹروں نے اس بے یقینی کے سدباب کے لئے مختلف امراض کا تدارک کرنے کے لئے ایسی مرکب ادویہ کے استعمال کو رواج دیا ہے۔ جن میں ایک مرض سے متعلقہ تمام تر علامات کا قلع قمع کرنے والی ایک سے زائد ایسی مختلف ادویہ کو یکجا کر دیا جاتا ہے۔ جو آپس میں معاون بھی ہوں۔ یہ تجربے اتنے زیادہ کامیاب ثابت ہوئے۔ کہ امریکن انسٹی ٹیوٹ آف ہومیوپیتھی کی فارماکوپیا کمیٹی کو ایسے مرکبات کی ضرورت و اہمیت کو تسلیم کرنا پڑا اور فارماکوپیا میں اس امر کا اندراج کیا گیا۔ فارماکوپیا کمیٹی کی رپورٹ اور اس کا ترجمہ اس پیش لفظ کے آخر میں ملاحظہ فرمائیں۔

اب یہ عالم ہے کہ جرمنی اور امریکہ کے بڑے بڑے ہومیوپیتھک دواساز ادارے میڈس کمپنی اور بورک اینڈ ٹیفل وغیرہ مختلف امراض کے لئے لاتعداد ہومیوپیتھک مرکبات بڑے وسیع پیمانہ پر پورے اعتماد کے ساتھ بنا رہے ہیں۔ الیکٹروہومیوپیتھی کی کمپلیکس ادویہ بھی تمام تر مرکب ہوتی ہیں۔ اور ان کی اثر آفرینی بھی مسلمہ ہے۔ خود ہماری کامیاب فارمیسی نے متعدد مرکب ہومیوپیتھک ادویہ پیش کر کے اہل فن حلقوں میں قابل فخر مقبولیت حاصل کی ہے اور ہماری یہ مرکب ادویہ ملک کے طول و عرض میں پورے اعتماد اور کامیابی کے ساتھ استعمال ہو رہی ہیں۔

زیر نظر کتاب میں امریکہ، برطانیہ، جرمنی اور دنیا کے دیگر ممالک کے ممتاز اور مشہور عالم ڈاکٹروں کے تیر بہدف اور آزمودہ مرکبات کے مکمل نسخے درج کئے جا رہے ہیں۔ کچھ عرصہ قبل اس گراں مایہ کتاب کا پہلا ایڈیشن پیش کیا گیا تھا تو [illegible] بے پناہ مقبولیت حاصل ہوئی۔ البتہ چند ایک

معاونین نے کتاب کے چند پہلوؤں کے تشنہ ہونے کی نشاندہی بھی کی۔ اس لئے ہم نے ضروری سمجھا کہ کتاب کے اس نقشِ ثانی کو ہر لحاظ سے زیادہ سے زیادہ مکمل اور افادی اعتبار سے پوری طرح جامع بنانے کی کوشش کی جائے۔ ہماری یہ کوشش اب آپ کے سامنے ہے ہمیں امید ہے کہ اپنی موجودہ صورت میں اس منفرد تصنیف کو پہلے سے بھی بڑھ کر مقبولیت حاصل ہو گی۔

یہاں ان مرکبات کی تیاری کے سلسلہ میں چند ایک امور کی وضاحت ضروری محسوس ہوتی ہے تاکہ اس بارے میں پیدا شدہ کچھ غلط فہمیوں کا ازالہ ہو جائے۔

۱۔ دیگر طریق ہائے علاج میں بیشتر مرکبات جن مفردات پر مشتمل ہوتے ہیں۔ وہ انفرادی طور پر جن خواص کے حامل ہوتے ہیں۔ دوسری مفرد ادویہ کے ساتھ شامل ہو کر بھی انہی خواص کے حامل رہتے ہیں اور مریض پر صحت بخش اثر ڈالتے ہیں۔ پھر اس میں حیرت کی کوئی بات نہ ہونی چاہیئے کہ ہومیوپیتھک اصولوں کے تحت آزمائش شدہ ادویہ آپس میں مرکب ہونے پر اپنا اثر کھو بیٹھیں گی یا ان کے خواص تبدیل ہو جائیں گے۔ اس کے برعکس انتہائی چھان بین کے بعد ان مرکبات میں ایسی مفرد ہومیوپیتھک ادویہ شامل کی جاتی ہیں۔ جو ایک دوسری کی معاون ہوں اور مرکب ہونے کے بعد مریض کے لئے زیادہ بہتر طور پر شفا کی ضامن ہوتی ہوں۔

۲۔ ہومیوپیتھک ادویہ اپنی مفرد حالت میں مریض کے جسمانی نظام کے جن جن مراکز پر اثر انداز ہونے کے خواص رکھتی ہیں۔ مرکب ہو جانے کے بعد بھی وہ انہی مراکز پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ بلکہ ان کی اثر آفرینی میں بے پناہ اضافہ ہو جاتا ہے۔

۳۔ ہومیوپیتھک طریق علاج میں بسا اوقات ایک سے زائد ادویہ یکے بعد دیگرے استعمال کروانی ضروری ہوتی ہیں۔ ایسی صورت میں تھوڑے تھوڑے وقفوں سے مریض کو بار بار مختلف دوائیں استعمال کرنے سے کوفت ہوتی ہے۔ جب کہ ایک سے زائد ادویہ کے مرکب کی صورت میں حسب معمول تین چار مرتبہ استعمال کرنا ہی کافی ہوتا ہے۔

۴۔ ہومیوپیتھک مرکبات میں ادویہ بالعموم چھوٹی طاقتوں ۳x یا ۶x یا ۱۲x وغیرہ میں استعمال ہوتی ہیں۔ اس لئے ان میں بہت زیادہ لطافت نہ ہونے کے باعث ان کے اثرات جوں کے توں برقرار رہتے ہیں۔

ہر مرکب کے نسخہ میں شامل ادویہ کی طاقتیں بھی درج کر دی گئی ہیں۔ مقدار خوراک اور وقفہ بھی تحریر ہے۔ البتہ حسب ضرورت بچوں کے لئے خوراک نصف دی جا سکتی ہے اور وقفہ بھی تکلیف کی کمی یا زیادتی کی مناسبت سے کم و بیش کیا جا سکتا ہے۔

فارماکوپیا کمیٹی (امریکہ) کی رپورٹ

مندرجہ ذیل رپورٹ ایک قرارداد کی صورت میں ادارے کے اجلاس منعقدہ ۱۷ جون ۱۹۴۸ء میں پیش کی گئی۔

" ہرگاہ کہ ہومیوپیتھک ادویہ و مفردات کے مرکبات ریاستہائے متحدہ امریکہ کے ہومیوپیتھک معالجین کے عام استعمال میں ہیں اور،

ہرگاہ کہ ایسے ہومیوپیتھک مرکبات ان کی ضرورت کا ایک اہم جزو ہیں اور،

ہرگاہ کہ ہومیوپیتھک ادویہ نیز ان کے مرکبات کی تیاری کے سلسلہ میں ہومیوپیتھک معالجین ہومیوپیتھک دواساز اداروں پر دارومدار رکھتے ہیں اور،

ہرگاہ کہ مرکب ادویہ استعمال کرنے والے ان معالجین کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے امریکن انسٹی ٹیوٹ آف ہومیوپیتھی کی فارماکوپیئل کمیٹی ہومیوپیتھک ادویہ کے مرکبات کی تیاری و تقسیم کی ضرورت کو تسلیم کرتی ہے۔

لہٰذا یہ قرار پایا کہ ہومیوپیتھک ادویہ و مفردات کے مرکبات بھی ہومیوپیتھی کے اصول اور دائرہ عمل میں شامل ہیں اور

یہ بھی قرار پایا کہ یہ قرارداد منظوری کے بعد ریاستہائے متحدہ امریکہ کے ہومیوپیتھک فارماکوپیا کے چھٹے ایڈیشن اور سرکاری ملخص میں شامل ہو۔ ایک ضمیمہ کے طور پر اس کا اجراء ہو' اور امریکن انسٹی ٹیوٹ آف ہومیوپیتھی اس کارروائی کو آئینی شکل دینے کے لئے ضروری اقدام کرے نیز اس ضمیمہ کی دو ہزار نقول طبع کروائی جائیں۔

دستخط چیئرمین (ر۔ ڈبلیو۔ سپالڈنگ)

ڈاکٹر سپالڈنگ کی اس تحریک کی ڈاکٹر مور نے تائید کی، قرارداد منظور ہو گئی اور فارماکوپیا کمیٹی کی رپورٹ کو تسلیم کر لیا گیا۔

ہومیوپیتھک مرکّبات

مجربات نمبر K.H.1 ACNE کیل، مہاسے

علامات چہرے پر سیاہ منہ والے کیل یا دوسرے عام کیل نکلیں۔ جن کے باعث چہرہ بد نما ہو جائے۔ چہرہ چکنا ہے اور رنگ سانولا ہو تا جائے۔

نسخہ

آرسینکم برومیٹم × ۶ — بربرس ایکوی فولیم × ۱
سلفر آئیوڈیٹم × ۶ — ایکی نیشیا × ۱ ہم وزن

خوراک دس قطرے صبح، دس قطرے دوپہر اور دس قطرے شام کو ایک دو گھونٹ پانی میں ملا کر استعمال کروائیں۔ چہرے پر دہی کی ملائی ملنا بھی مفید ثابت ہوتا ہے۔

مجربات نمبر K.H.2 TONSILITIS ورم غدود حلق

علامات حنجرہ، حلق کے غدود بڑھ گئے ہوں۔ مریض کو ذراسی ٹھنڈ سے نقصان پہنچ جاتا ہو۔ کھانسی کی اکثر تکلیف رہتی ہو۔

نسخہ

مرکیورس آیوڈیٹس فلیوس × ۲ — کلکیریا فاس × ۶
آیوڈیم × ۶ — نیٹرم میور × ۶
برائٹا کارب × ۳ — سینگونیریا نائٹر × ۱ ہم وزن

خوراک دس دس قطرے صبح، شام، رات کو سوتے وقت ایک گھونٹ پانی میں ملا کر استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.3 آلام بعد الولادت، بچہ جننے کے بعد کے درد

(AFTER PAINS)

زچہ بچہ کی پیدائش کے بعد مختلف قسم کے دردوں کی شکار ہو جائے

علامات رحم کے خون کے لوتھڑوں اور چھیچھڑوں کو خارج کرنے کے لئے بھی یہ دوا بہت مفید ہے۔

نسخہ

آرنیکا ۶   سمی سی فیوگا ۶
بیلاڈونا ۶   وائی برنم ۳×
کالوفائلم ۶   سیبائنا ۶ ہم وزن

خوراک دس دس قطرے ذرا سے گرم پانی میں ملا کر ہر آدھ گھنٹے کے بعد استعمال کریں۔

ضروری ہدایات آرنیکا کے ۲۰ قطرے ایک اونس گرم پانی میں ڈال کر اور اسی میں صاف کپڑے کا ٹکڑا بھگو کر شکم کے نچلے حصہ پر گرم گرم کپڑے کے ٹکڑے کو رکھ کر اوپر اس کے خشک فلالین کی پٹی باندھ دی جاتی ہے۔ اس سے درد دل کو بہت آرام ہوتا ہے۔

مجربات نمبر K.H.4 احتباس الطمث، حیض بند ہو جانا

AMENORRHOEA

علامات حیض کا بند ہو جانا جس کا باعث خاص کر خون کی کمی ہو۔ کولہے میں درد رہتی ہو۔ نیز جب ضعف کی وجہ سے خون نہ آتا ہو۔ رحم اور خصیۃ الرحم کے جملہ عوارض میں اس کا استعمال مفید ثابت ہوتا ہے۔ اعلیٰ درجہ کی مقوی رحم بھی ہے۔

نسخہ

ہیلونائیز ۶   کالی کارب ۳۰
مینگانم بن آدکسائڈ ×۶ ہم وزن

خوراک :۔ دس دس قطرے ہر دو گھنٹہ کے بعد تازہ پانی میں ملا کر استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات کمی خون کی وجہ سے حیض بند ہو گیا ہو اور مریضہ نحیف اور کمزور ہو تو اسے طاقت بخش غذائیں استعمال کروائیں صاف اور کھلی ہوا میں رکھیں اور رنج و غم سے آزاد رکھیں۔

ANAEMIA

مجربات نمبر K.H.5 کمیٔ خون، نوجوان لڑکیوں میں

علامات نوجوان لڑکیوں کی کمزوری کو جب کہ وہ سن بلوغت کو پہنچ رہی ہوں دور کرنے کے لئے یہ ایک نہایت ہی مفید دوائی ہے۔

نسخہ

فیرم ۶   چائنا ۱×   ایلڈفاس ۱×   ہیلونائیز ۶ ہم وزن

خوراک دس دس قطرے دوائی صبح، شام اور رات کو سوتے وقت تازہ پانی کے ایک دو گھونٹ میں ملا کر استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات مریضہ کو غذا زود ہضم اور مقوی دیں۔ تازہ اور کھلی ہوا بہت ضروری ہے۔ مریضہ کو خوش و خرم رکھیں۔ جسم پر مالش کرنا اور غسل کے بعد جسم کو خشک تولیہ سے خوب ملنا بھی مفید ہے۔

مجربات نمبر K.H.6 (CHLOROSIS) پھُس

علامات کمزوری دماغ اور نخاع (ریڑھ) اور کمزوری عامہ، جلد کی شکل مانند موم ہو، پھُس، دل کی دھڑکن، ضعف اور نقاہت، عرصہ سے مسلسل دماغی کام کرنے سے ضعف دماغ ہو۔

نسخہ

کلکیریا فاس ×۶   فیرم فاس ×۶
کالی فاس ×۶   ہم وزن

خوراک :۔ دس دس قطرے ہر تین گھنٹہ کے بعد تازہ پانی کے ساتھ استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات :۔ وہی ہیں جو کہ مجربات نمبر ۵ کے تحت بیان کی گئی ہیں۔

مجربات نمبر K.H.7 DROPSY استسقاء، جلودھر

علامات جسم کے کسی حصہ میں پانی بھر جانا، نرم سوجن جہاں انگلی سے دبانے پر گڑھا پڑ جائے۔ مرض استسقاء جس کا باعث دل یا گردے کے عوارض ہوں،

نسخہ
ایپوسائنم ۱×   ارٹیکا یورینز ۱×
کلوریلم ×۳   ایپس ۳× ہم وزن

خوراک دس دس قطرے ہر چار گھنٹہ کے بعد یعنی روزانہ چار مرتبہ تازہ پانی کے گھونٹ میں ملاکر استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات مریض کو خشک اور گرم آب و ہوا میں رکھیں، مقوی و زود ہضم غذا دیں۔ اگر پیشاب میں البیومن خارج ہوتی ہو اور گردوں میں نقص ہو تو گوشت اور مچھلی سے پرہیز لازم ہے۔ مریض کو غذا بے نمک دینی چاہیئے۔ پیاس کو بجھانے کے لئے سرد پانی کا استعمال مناسب ہے۔ یہ خیال غلط ہے کہ استسقار کے مریض کو پانی نقصان پہنچاتا ہے۔ اس کے برعکس پانی کا استعمال مریض کے لئے مفید ہوتا ہے۔ گرم پانی سے غسل یا حمام میں غسل کرنا مفید ہوا کرتا ہے۔ اس سے پسینہ آنے میں مدد ملتی ہے۔

مجربات نمبر K.H.8 ترشیٔ معدہ

(INDIGESTION)(ACIDITY)

علامات معدہ اور امعاء میں ترشی زیادہ ہو، ہاضمہ خراب رہے۔ بعض اوقات پیچش ہو، گندے، کھٹے ڈکار آئیں، اسہال میں اور معدہ میں درد ہو۔

نسخہ

کلکیریا کارب ٦ بسمتھ ٦

میگنیشیا کارب ٦ نیٹرم بائیکاربونیکم ٦ ہم وزن

خوراک آٹھ آٹھ قطرے ذرا سے پانی میں ملاکر دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.9 دافع صفرا یا پت

(BILIOUSNESS)

علامات صفرا کی زیادتی ہو، خواہ اس کے ساتھ دستوں کی شکایت ہو یا نہ ہو متلی اور قے کی شکایت ہو۔ علی الصبح دست اور صفراوی قے ہو۔ نیز سر درد ہوتا ہو۔ خاص کر ترش پھل کھانے کے بعد۔

نسخہ

مرکیوریس ڈلس ٣ اپیکاک × ٢

پوڈو دو فائلم × ٢ نیٹرم بائیکاربونیکم ٣ ہم وزن

خوراک دس قطرے دوپہر اور دس قطرے شام کو کھانا کھانے سے پہلے اور دس قطرے رات کو سوتے وقت ذرا سے پانی میں ملاکر استعمال کروائیں، بچوں کے لئے نصف خوراک۔

مجربات نمبر K.H.10 بھوک کا مارا جانا (APPETITE LOST)

علامات بھوک بالکل ختم ہو جائے یا بھوک بہت کم لگے۔ کوئی چیز کھانے کو دل نہ چاہے۔ یہ دوا معدہ کو طاقت دیتی ہے اور بھوک قدرتی طور پر عود کر آتی ہے۔ یہ نسخہ بارہا کا آزمودہ ہے۔ کئی مایوس مریضوں کو شفا ہو چکی ہے۔

نسخہ

ایبس نائیگرا × ١ اینٹم کروڈم ٣

لفالفا × ١ چینی نم آرسس ٣

چائنا × ١ ہم وزن

خوراک دس دس قطرے دوائی ہر تین گھنٹہ کے بعد تازہ پانی کے ساتھ استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.11 بھوک کا ہوکا

(APPETITE INCREASED)

علامات بھوک غیر طبعی طور پر بہت زیادہ لگے۔ مریض کو ہر وقت کھاتے رہنے کی خواہش رہے۔ لیکن بھوک پر بھی بدستور قائم رہے۔

نسخہ

ابراٹینم ٣ اناکارڈیم ٦

کلکیریا کارب ٦ سائنا ٦

چائنا ٦ ہم وزن

، دس دس قطرے ہر تین گھنٹہ کے بعد تازہ پانی میں ملاکر مریض کو

خوراک استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات اس مرض کے مریض کو لازم ہے کہ بہت پیٹ بھر کر غذا نہ کھایا کریں۔ بلکہ تھوڑی تھوڑی غذا تھوڑے تھوڑے عرصہ کے بعد کھایا کریں۔

مجربات نمبر K.H.12 فم معدہ میں درد (CARDIALGIA)

علامات فم معدہ میں درد ہوتا ہو یعنی معدہ کے منہ پر جس کو کوڑی کا مقام کہتے ہیں۔ اکثر اوقات درد رہے۔

نسخہ:۔ آرجنٹم نائٹریکم ۶ کاربوویجی ۳ نکس وامیکا ۶ ہم وزن
برائنا کارب ۶ کیوپرم میٹلیکم ۶

خوراک دس دس قطرے ہر دو گھنٹہ کے بعد تازہ پانی میں ملا کر مریض کو استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.13 خون تھوکنا، خون کی قے

(HAEMOPTYSIS)

علامات خونی قے آئے، معدہ سے بذریعہ قے خون خارج ہو۔ اس مرض میں ابتدا میں جی متلاتا ہے۔ معدہ میں جلن یا درد محسوس ہوتا ہے اور کبھی خون شدت کی قے کے ساتھ آتا ہے اور کبھی ویسے ہی آ جاتا ہے اور کبھی خالص خون ہی آتا ہے۔ خون کبھی پتلا آتا ہے اور کبھی گاڑھا۔ مقدار بھی ایک جیسی نہیں ہوتی۔ کبھی مقدار میں بہت تھوڑا آتا ہے اور کبھی بہت زیادہ، خون کے زیادہ اخراج سے مریض کے مر جانے کا بھی اندیشہ ہوتا ہے۔

نسخہ

آرنیکا ۶ جرے نیم ۱x
کاکٹس ۶ ہیمامیلس ۶
کاربوویجی ٹیبلس ۳ اپیکاک ۶
چائنا ۳ ملی فولیم ۶

ارجنٹم ۱x فاسفورس ۶
فیرم فاس ۶ سیکیل کار ۶ ہم وزن

خوراک دس دس قطرے ہر ایک گھنٹہ کے بعد آرام ہو جانے پر روزانہ ۲ مرتبہ صبح و شام کچھ دنوں تک تازہ پانی میں ملا کر مریض کو استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات مریض کو آرام سے بستر پر چت لٹائیں اور اس کو بالکل حرکت نہ کرنے دیں۔ سر اور کندھے تھوڑے اونچے رہنے چاہئیں۔ لباس یا گریبان تنگ ہو تو اس کا ڈھیلا کر دینا چاہیئے۔ مریض کے پاس زیادہ گفتگو ہجوم، شور یا گھبراہٹ نہیں ہونی چاہیئے۔ مریض کا کمرہ صاف اور ہوادار ہونا چاہیئے۔

مجربات نمبر K.H.14 ہچکی HICCOUGH

علامات ہچکی آتی ہو جس کے باعث مریض کو بہت تکلیف ہو۔ یہ مرض معدہ کی خرابی کے باعث ہوتا ہے اور بعض اوقات شکم کے دیگر امراض کے باعث بھی۔

نسخہ

اکل ۳x کیوپرم میٹلیکم ۳x
کیجوپٹم ۳x سائی کلیمن ۳x
سائیکیوٹا ۱x ہم وزن

خوراک دس دس قطرے یہ دوا ہر ایک یا دو گھنٹہ کے بعد تازہ پانی کے گھونٹ کے ساتھ استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات اکثر اوقات سرد پانی یا برف کا پینا یا سیاہ مرچ کو حقہ میں رکھ کر پینا یا ناریل کا پانی پینا ہچکی کے لئے مفید ثابت ہوتا ہے۔ اگر یہ عارضہ زیادہ کھانے کے باعث ہو تو غذا کو باقاعدہ کرنے سے بھی آرام ہو جاتا ہے۔ خفیف قسم کی ہچکی میں ایک لمبا سانس بھر کر ایک یا دو منٹ تک دم بند رکھنے سے آرام ہو جاتا ہے۔

مجربات نمبر K.H.15 ضعف باہ، جریان منی، نامردی

(SEXUAL WEAKNESS, SPERMATORRHOEA, IMPOTENCY)

علامات قضیب سکڑ گیا ہو، ڈھیلا ڈھالا اور پلپلا ہو جیسے سکڑ گئے ہوں، جریان منی کی شکایت رہتی ہو، منی پتلی پڑ گئی ہو، بوجہ کثرتِ جماع یا جلق پٹھے کمزور ہو چکے ہوں، ایستادگی پوری نہ ہوتی ہو، سرعت انزال ہو، یہاں تک کہ مکمل نامردی ہو، ضعف باہ اور نامردی کی نہایت ہی اعلیٰ دوائی ہے، جریان منی اور احتلام کے لئے بھی مجرب ہے جیسا کہ نسخہ سے ظاہر ہے۔ اس مرکب میں دیگر قیمتی ادویہ کے علاوہ سونا، چاندی، کوبالٹم، اور سیلینیم جیسی چار قیمتی دھاتیں بھی ہومیوپیتھک طریق پر تیار شدہ صورت میں شامل ہیں۔ یہ مرکب انتہائی اکسیر صفت اور بے ضرر ثابت ہوا ہے۔

نسخہ

اگنس کاسٹس ۳x	لائیکوپوڈیم ۶x
آرجنٹم میٹلیکم ۶x	نکس وامیکا ۶x
آرم میٹلیکم ۶x	فاسفورک ایسڈ ۳x
ایوناسٹائیوا ۳x	سٹافی سیگریا ۳x
کوبالٹم ۳x	سیلکس نائیگرا ۳x
ڈامیانہ ۳x	یوہم بینم ۱۲x ہم وزن

خوراک دس دس قطرے صبح، دوپہر اور شام کو تھوڑے سے تازہ پانی میں ملا کر استعمال کریں۔

مجربات نمبر K.H.16 جنسی غدودوں کی کمزوری

(GLANDULAR TONIC)

علامات خصیے سکڑ کر ضائع ہو چکے ہوں۔ پراسٹیٹ گلینڈ سکڑ کر چھوٹی ہو گئی ہو، جریان منی کی شکایت رہتی ہو اور مکمل نامردی ہو۔

نسخہ

سابل سیرولاٹا ۱x	سیکروٹین ۳x

جن سینگ ۱x	سٹرکنیا ۶x

خوراک دس دس قطرے دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر صبح، دوپہر اور شام کو تین مرتبہ استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.17 جنسی تھکن (APHRODISIAC)

علامات بوجہ کثرت مجامعت قوت باہ کمزور ہو چکی ہو، نامردی ہو، جلق کے باعث اعصاب و عضلات کمزور ہو چکے ہوں، اعضائے تناسل ڈھیلے ڈھالے، پلپلے اور ٹھنڈے رہتے ہوں، جماع کی خواہش ختم ہو چکی ہو، خواہش پیدا بھی ہوتی ہو تو قضیب قبل از وقت ڈھیلا پڑ جاتا ہو، سرعت انزال ہو، نیز سوزاک کا مرض بار بار لاحق ہونے کے باعث نامردی ہو جائے تو یہ دوائی اکسیر کا حکم رکھتی ہے یہ ایک نہایت اعلیٰ اور آزمودہ نسخہ ہے۔

نسخہ

ڈامیانہ ۱x	اگنس کاسٹس ۱x ہم وزن

خوراک: دس تا پندرہ قطرے دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں شامل کر کے صبح اور شام کو دو مرتبہ استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.18 جلق، اغلام کے اثرات

(ILL EFFECTS OF MASTURBATION)

علامات جلق کی عادت بد کے باعث پٹھے کمزور ہو گئے ہوں، منی بے ارادہ خارج ہوتی رہتی ہو اور پتلی پڑ چکی ہو، قضیب چھوٹا ہو گیا ہو اور اس میں کجی ہو چکی ہو، نامردی کا اندیشہ ہو۔

نسخہ

اگنس کاسٹس ۱x	کالی برومیٹم ۳x
کلاڈیم ۳x	نکس وامیکا ۳x
کلکیریا فاس ۳x	فاسفورک ایسڈ ۱x
چائنا ۱x	سیلکس نائیگرا ۱x

کوینم ۱x　　　شافی سیگریا ۱x ہم وزن

خوراک دس دس قطرے دن میں تین مرتبہ صبح، دوپہر اور شام کو تازہ پانی کے گھونٹ کے ہمراہ استعمال کروائیں۔ مریض کے لئے سادہ لیکن قوت بخش غذا کا استعمال پاکیزہ خیالات اور ہائیجین کے اصولوں کی پابندی بھی ضروری ہے۔

مجربات نمبر K.H.19 دمہ ASTHMA

علامات ہر دو حاد و مزمن دمہ میں یہ دوائی مفید ہوتی ہے۔ مرض کے دورہ کو روک دیتی ہے اور معدہ کو تقویت دیتی ہے، اعصابی اکساہٹ کو دور کرتی ہے۔

نسخہ

دکم ۱x　　　امبروشیار ۱x
اریلیا ۱x　　　پوتھوس پوٹ ۱x
بلاٹا ۱x　　　سائی ڈاگو ۱x
کوکا ۳x　　　ہم وزن

خوراک دس دس قطرے ہر ایک گھنٹہ کے بعد، یا چار اونس پانی میں ایک ہی بار تیس قطرے شامل کرکے ایک ایک چھوٹا ٹیبل سپون فل ہر پندرہ منٹ کے بعد دیتے جاؤ، حتیٰ کہ دورہ ختم ہو جائے۔

ضروری ہدایات جب مرض کا دورہ ہو تو مریض کے ہاتھ اور پاؤں گرم پانی میں ڈبونا اکثر بہت جلد آرام دہ ثابت ہوتا ہے۔ دورہ کے آغاز میں دھتورہ کے سگریٹ پینا بعض حالات میں اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ جن مریضوں میں یہ تدبیر کارگر نہ ہو، ان کو ایکونائٹ کے انجرات اندر لینے سے یقینی فائدہ ہوتا ہے۔ مریض کا ہاضمہ درست رکھیں، بادی، ترش، تیل والی اشیاء سے پرہیز لازم ہے۔

مجربات نمبر K.H.20 پرانا دمہ (CHRONIC ASTHMA)

علامات دمہ کا عارضہ ہو، سانس تکلیف سے آتا ہو، عارضہ دیرینہ ہو، تکلیف خاص کر رات کو زیادہ ہو جاتی ہو۔ سانس، کھانسی اور بلغم تکلیف دہ ہوں، خواہ

خشک دمہ ہو یا تر ہو، ہر دو حالتوں میں یہ دوا مفید ہے۔

نسخہ

بلے سنس ۶　　　آرسینکم البم ۶
بیکاک ۶　　　(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے ہر تین گھنٹہ کے بعد تازہ پانی کے گھونٹ کے ساتھ ملا کر استعمال کروائیں، دیگر ہدایات وہی ہیں جو اوپر مجربات نمبر ۱۹ کے تحت بیان ہو چکی ہیں۔

مجربات نمبر K.H.21 پھوڑے پھنسیاں (BOILS)

علامات ہر قسم کے پھوڑے، پھنسیاں، گوہانجنی، پیپ دار زخم وغیرہ کے لئے اس کا استعمال مفید ہے، اس سے پھوڑا جلدی پک کر پیپ خارج ہو جاتی ہے اور زخم کو آرام آجاتا ہے۔

نسخہ

سلیشیم میٹلیکم ۳x　　　ہیپر سلفر ۶x
سلیشیم اوکسائڈ ۳x　　　گریفائیٹس ۶x (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے صبح اور شام دو گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر استعمال کروائیں۔ شدید تکالیف میں چھ چھ قطرے ہر دو گھنٹہ کے بعد دہرائیں۔

مجربات نمبر K.H.22 خون کے دباؤ کی زیادتی

(HIGH BLOOD PRESSURE)

علامات یہ دوا ہائی بلڈ پریشر یعنی خون کے بڑھے ہوئے دباؤ کو اعتدال پر لانے کے لئے لاثانی ہے۔ اس کے استعمال سے یہ مرض بآسانی رفع ہو جاتا ہے اور جو جو تکالیف خون کی زیادتی کے باعث پیدا ہوتی ہیں۔ ان سب کا ازالہ ہو جاتا ہے۔ بارہا آزمائش کیا ہوا نہایت قیمتی نسخہ ہے۔

نسخہ

کرانی گس ۱x	گلونائینم ۱x
پیسی فلورا ۱x	(ہم وزن)

خوراک تیس تیس قطرے تھوڑے سے پانی میں ملاکر صبح، دوپہر اور شام کو ہمیں ترتیب استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.23 خون کی خرابی (BLOOD IMPURE)

علامات پھنسیاں، پھوڑے، خارش تر یا خشک، فوطوں کی کھجلی، اندام نہانی میں خارش، چنبل، دھدر، بدن کا دھوپ میں چٹکنا، جسم پر چٹاخ پڑ جانا، چمڑے کا پھٹا سا رہنا، جسم پر جلن ہونا، غرضیکہ جلد کے جملہ امراض کے لئے مفید ہے، جو بخار، پھوڑے، پھنسیوں کی وجہ سے ہوں، ان کے لئے بھی مجرب ہے۔ آتشک کے زہریلے مادہ سے خون کو پاک و صاف کرتی ہے اور اس زہر کی وجہ سے جسم میں جو جو خرابیاں رونما ہوتی ہیں۔ اس کے باقاعدہ استعمال سے وہ سب رفع ہو جاتی ہیں۔

نسخہ

ہائیڈروکوٹائل ۱x	رسٹاکس ۳x
سلفر ۳x	بربیرس ۱x (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے صبح، دوپہر اور شام کو دو گھونٹ تازہ پانی میں ملاکر استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.24 کھانسی شدید، برانکائی ٹس (BRONCHITIS)

علامات: کھانسی شدید ہو، ساتھ ہی ٹھنڈک، بخار، گلے میں خراش نزلہ وغیرہ ہو، شدید کھانسی (برانکائی ٹس) میں یہ دوا اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔

نسخہ

ایکونائٹ ۳x	فیرم فاس ۶x
بیلاڈونا ۳x	اپیکاک ۳x
برائیونیا ۶x	رومیکس ۱x

	شگونیریا نائیٹر ۳x
کالی بائیکرام ۳x	سٹلا ۱x
اینٹم ٹارٹ ۳x	(ہم وزن)
بلاٹا اوری ۱x	

خوراک دس دس قطرے دو گھونٹ تازہ پانی میں ملاکر ہر ایک یا دو گھنٹہ کے بعد بچوں کے لئے نصف خوراک یا پھر مناسب یہ ہے کہ تیس قطرے دوا دو... سے پانی میں ملائیں اور ایک ایک چمچہ بچہ کو ہر ایک گھنٹہ کے بعد پلاتے جائیں۔

ضروری ہدایات شدید کھانسی میں غذا ہلکی اور سیال ہونی چاہیئے، مثلاً آش جو، دھنیا، مونگ کی دھلی ہوئی دال یا یخنی وغیرہ۔ مرض کے اصل سبب کو رفع کرنا چاہیئے اور مریض کو مناسب آب و ہوا میں رکھنا چاہیئے۔ اور مریض کو اس قسم کا کام کرتا ہو کہ جس سے وہ گرم سرد ہو جاتا ہو، یا خراش دار ذرات و انجرات اس کی ہوائی نالیوں میں جا کر خراش پیدا کرتے ہوں تو ایسا کام اس کو چھوڑ دینا چاہیئے اور کوئی دوسرا کام اختیار کرنا چاہیئے۔ چونکہ سردی کے موسم میں کھانسی اکثر ہوا کرتی ہے۔ اس لئے حتی الامکان مریض کو سردی سے بچنا چاہیئے۔ سرد اغذیہ سے پرہیز مناسب ہے۔ گرم کپڑے پہننے چاہیئں۔ ایسے مریض کو گرم آب و ہوا میں رہنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اگر مریض کو معمولی سردی لگنے سے کھانسی ہو جایا کرتی ہو تو اس کو چاہیئے کہ بعد از غروب آفتاب اپنے گھر سے باہر نہ نکلے۔ اگر سینہ میں جکڑن محسوس ہو یا سانس دقت سے آتا ہو تو ایسی حالت میں سینہ پر سینک دینا یا گرم گرم پلٹس باندھنا مفید ہوتا ہے اور جب سینہ میں درد ہوتا ہو تو ماؤف مقام پر ٹنکچر آیوڈین لگانا یا تارپین کے تیل کی مالش کرنا مفید ہے۔ پرانی کھانسی کے مریضوں کو لازم ہے کہ بوقت صبح ٹھنڈے پانی سے غسل نہ کیا کریں۔ جن افراد کو موسم کی یکایک تبدیلی فوراً اثر کرتی ہو، ان کو لمبی داڑھی رکھنی مفید ہوتی ہے۔

مجربات نمبر K.H.25 کھانسی

اس مرض میں مندرجہ ذیل مرکب بھی انتہائی مفید ثابت ہوتا ہے۔

نسخہ

اینٹی مونیم ٹارٹ ۲x	سینگونیریا Q
فاسفورس ۳x	بربا سانٹا Q

(ہم وزن)

ریومیکس ۵

خوراک | دس دس قطرے ہر ایک گھنٹہ کے بعد تازہ پانی کے گھونٹ کے ساتھ استعمال کروائیں، بچوں کے لئے نصف خوراک۔

مجربات نمبر K.H.26 دردِ کمر BACKACHE

علامات | کمر کے نچلے حصہ میں سخت درد ہوتی ہو، کمر لگاتار دکھتی ہو، اور اس میں تیز درد ہوتے ہوں، حرکت کرنے سے زیادتی ہوتی ہو۔

نسخہ

رسٹاکس ۳ — لیڈم پال ۵

بربیرس ۵ — (ہم وزن)

خوراک: دس دس قطرے دو گھونٹ پانی میں ملا کر ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات | مریض آرام سے بستر پر لیٹا رہے اور سردی سے اپنے آپ کو محفوظ رکھے۔ مقام درد پر رسٹاکس اور برائی اونیا ملا کر دن میں دو مرتبہ مالش کریں اور مقام درد پر سینک کریں۔ بعض اوقات اس کی گرم گرم پلٹس باندھنا یا رائی کا پلستر لگانا یا گلاس لگانا تارپین کے تیل یا لنی منٹ آف ٹرپن ٹائن یا پیٹرول کی مالش کرنا بھی مفید ہوا کرتا ہے قبض کو دور کریں۔ اگر مرض کا دورہ بار بار ہوتا ہو اور مرض پرانا ہو گیا ہو تو مریض کو چاہیئے کہ وہ سردی سے اپنے آپ کو محفوظ رکھے۔

مجربات نمبر K.H.27 مثانہ، امراض بول

URINARY DISORDERS

علامات | ورم مثانہ اور جلن و خراش مثانہ و مجری البول پیشاب بار بار اور درد کے ساتھ آئے۔ اس میں خون اور سرخ ریگ خارج ہو، تقطیر البول اور تسلسل بول کا عارضہ ہو، سوزاک ہو اور اس کے غلط علاج سے جو عوارضات پیدا ہوں، ان کے لئے زیر مجرب ہے۔

نسخہ

بچو ۳x — تھلاسپی برسا ۳x

نیلکس نائیگرا ۳x — ٹری ٹیکم ۳x (ہم وزن)

خوراک | پندرہ پندرہ قطرے دو ایک گھونٹ پانی میں ملا کر صبح، دوپہر اور شام کو تین مرتبہ حسب ضرورت وقفہ کم و بیش بھی کیا جا سکتا ہے۔

ضروری ہدایات | مقام مثانہ پر گرم ٹکور کرنا اور شدید کیسوں میں کمر کے بل چپ چاپ لیٹے رہنا، گرم ہپ باتھ (کولہے تک گرم پانی میں بیٹھنا) پر بھیگی ہوئی پٹی باندھنا، مثانے کا دھونا یہ سب مفید ہے، لیکن مثانے کے دھونے کا عمل ایک ہوشیار ڈاکٹر ہی کر سکتا ہے، شراب کباب، سرخ مرچ، گرم مصالحہ، اچار چٹنی اور مٹھائی سے پرہیز کرائیں اور دودھ، آش جو، ساگو دانہ وغیرہ غذا دیویں۔

مجربات نمبر K.H.28 بلغم والی کھانسی

(BRONCHORRHOEA)

علامات | ایسی کھانسی جس کے ساتھ بلغم کا اخراج بکثرت ہو یا اس میں بعض اوقات بدبودار پیپ بھی شامل ہو۔

نسخہ

ایلیم سٹائیوا ۳ — بیسی لائنم ۳۰

اینٹم ٹارٹ ۳ — باسیم پیرو ۳ (ہم وزن)

خوراک | دس دس قطرے ہر دو گھنٹہ کے بعد دو ایک گھونٹ پانی میں ملا کر استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K H.29 برانکو نمونیا

(BRONCHO PNEUMONIA)

علامات | شروع میں عام طور پر کھانسی ہوتی ہے اور تھوڑا بہت بخار بھی چڑھ جاتا ہے۔ لیکن پھر ٹمپریچر اتنا زیادہ ہو جاتا ہے کہ ۱۰۳ یا ۱۰۴ درجہ تک پہنچ جاتا ہے۔ بعض اوقات اس سے بھی زیادہ بخار ہو جاتا ہے۔ درجہ حرارت ایک جیسا نہیں رہتا، بلکہ کم و بیش ہوتا رہتا ہے۔ سانس جلد جلد اور دقت سے آتا ہے۔ کھانسی تکلیف دہ آتی ہے اور خشک ہوتی ہے۔ بعض بچوں کو کھانسی بہت کم آتی ہے۔ مریض کے نتھنے بہت تیزی سے حرکت کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

نسخہ

ایکونائیٹ ۳	چیلی ڈونیم ۳
اینٹم ٹارٹ ۳	فیرم فاس ۶x
آرسینکم آیوڈائیڈ ۳x	اپیکاک ۳
برائیونیا ۶	فاسفورس ۳
بیلاڈونا ۳	سلا ۳x (ہم وزن)

خوراک پانچ پانچ قطرے ہرایک گھنٹہ کے بعد تازہ پانی کے ایک گھونٹ میں ملاکر استعمال کروائیں۔ بچوں کے لئے نصف خوراک یا تیس قطرے ایک چھٹانک پانی میں ملاکر استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات مریض کو روشن اور ہوادار کمرہ میں لٹائیں اور وقتاً فوقتاً اس کا پہلو بدلتے رہیں۔ تاکہ پھیپھڑے میں ایک ہی جگہ خون اکٹھا نہ ہوجائے۔ بچہ کو اٹھا کر گود میں تھوڑی دیر لے لینا بھی مفید ہوتا ہے۔ اگر مریض کا حلق اور ناک خشک ہوں تو کھولتے ہوئے پانی کی ایک دیگچی یا کیتلی کمرہ میں رکھیں۔ تاکہ کمرہ کی ہوا گرم اور مرطوب ہوجائے۔ یہ عمل موسم سرما میں کرنے کی ضرورت ہوا کرتی ہے۔ میٹھا تیل اور تارپین کا تیل ہم وزن ملاکر اس کی مالش مریض کے سینہ پر کریں یا انٹی فلوجسٹین گرم کرکے اور کپڑے کے ٹکڑے پر پھیلا کر ماؤف مقام پر لگا دیں اور اوپر اس کے روئی رکھ کر پٹی باندھ دیں۔ نمک اور چھان کو گرم کرکے اور پوٹلی بنا کر درد والے مقام پر ٹکور کرنی چاہیئے۔

مجربات نمبر K.H.30 کروپس نمونیا CROUP

علامات اسے ذات الریہ اور ورم شش بھی کہتے ہیں، بخار شدید ہو، اور سانس تکلیف سے آتا ہو، سانس بہت تیز آرہا ہو، مرض سے دوسرے تیسرے روز زنگاری رنگ کا بلغم خارج ہونے لگتا ہے۔

نسخہ

ایکونائیٹ ۳	فیرم فاس ۶x
اینٹم ٹارٹ ۳	کالی بائیکرام ۳
بیلاڈونا ۳	مرکیورس ۳

برومیم ۳	فاسفورس ۳
برائی اونیا ۶	سینگونیریا ۱x
چیلی ڈونیم ۳	وراٹرم ورائیڈ ۳ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے ہرایک گھنٹہ کے بعد تازہ پانی کے ایک گھونٹ میں ملاکر استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.31 سینہ میں جلن HEART BURN

علامات ہاضمہ کی خرابی ہو، غذا کی نالی، معدہ اور کلیجہ میں بھی جلن محسوس ہوتی ہو۔

نسخہ

ایکونائیٹ ۳	مرکیورس ۳
آرسینکم ۶	فاسفورس ۳
برومیم ۳	سینگونیریا ۱x
کلکیریا کارب ۳	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے ہر دو گھنٹہ کے بعد تازہ پانی کے دو ایک گھونٹ میں ملاکر استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.32 ڈکار آنا

(ERUCTATION-BELCHING)

علامات ڈکاروں کی زیادتی ہو جن سے مریض کو بے حد کوفت محسوس ہو۔ ڈکار لگاتار آتے رہیں۔ جن کا باعث ہاضمہ کا فتور ہو۔ اس نسخہ کے استعمال سے آرام ہو جاتا ہے اور ڈکار آنے بند ہوجاتے ہیں۔ یہ نسخہ بارہا تجربہ میں آچکا ہے۔

نسخہ

ابیس نائیگرا ۱x	کالی کارب ۳x
اناکارڈیم ۶	لائیکوپوڈیم ۳۰
اینٹم کروڈم ۳	نکس وامیکا ۶
آرجنٹم نائیٹر ۳	پلساٹیلا ۳

کاربوویجی ۳ — سیپیا ۱۲
ڈایاسکوریا ۱x — سلفر ۳
آئیوڈیم ۳ — (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے ہر ایک یا دو گھنٹہ کے وقفہ سے دو ایک گھونٹ پانی میں ملا کر استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.33 نزلہ CATARRH

علامات دماغی رطوبتوں کے حلق اور سینہ کی طرف گرتے رہنے کا میلان، پرانی شکایات نزلہ شدید ہو یا خفیف، بار بار لاحق ہوتا ہے اور عرصہ دراز تک جاری رہتا ہے، نزلہ حار ہو یا بارد ہو، سر میں درد رہے، طبیعت سست اور نڈھال رہے۔

نسخہ

ہائیڈراسٹس ۲x — کلکیریا کارب ۳x
کالی بائیکرومیکم ۳x — سینگونیریا نائیٹر ۲x

خوراک دس دس قطرے دن میں تین مرتبہ ہر چار گھنٹہ کے بعد دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات مریض کو شکم سیر ہو کر غذا کھانا اور ایک ہی وقت میں زیادہ مقدار میں پانی پینا مضر ہے۔ لہٰذا غذا اور پانی ہر دو کے استعمال میں کمی کر دیں۔ فاقہ بھی اس مرض میں بے حد مفید ہے، گھی، تیل، دودھ، دہی، چھاچھ، اچار، سرکہ چٹنی اور تمام بادی اور قبض کرنے والی اشیاء سے پرہیز لازم ہے۔

مجربات نمبر K.H.34 بخار، سردی اور ورم

FEVER

علامات بخار خاص کر جس کا باعث سوزشی یا ورمی کیفیات ہوں، ہر قسم کی سوزشی تکالیف کی ابتدائی کیفیات میں جب کہ درد بھی تیز گولی لگنے کے سے اور پھاڑنے والے ہوتے ہوں اور چبھن پڑتی ہو، سوزش یکایک نمودار ہوا اور دردیں ہوتی ہوں، نمونیہ اور پلیوریسی کے ابتداء میں بھی یہ دوا شافی ثابت ہوتی ہے۔

نسخہ

ایکونائیٹ ۱x — بیلاڈونا ۳x
برائیونیا ۳x — (ہم وزن)

خوراک بیس قطرے یہ دوا آدھ پاؤ پانی میں حل کر کے ایک ایک چمچہ (ٹیبل سپون فل) ہر آدھ گھنٹہ کے وقفہ پر استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.35 زکام، ٹھنڈ لگ جانا CORYZA

علامات چھینکیں آئیں، ناک بند معلوم ہو اور پھر خراشدار رطوبت کا اخراج شروع ہو جائے۔ نتھنوں کے کنارے سرخ ہو جائیں۔ آنکھوں سے بھی پانی بہے، ساتھ ہی حلق میں ورمی کیفیت، کھانسی اور خفیف بخار بھی ہو سکتا ہے۔

نسخہ

ایکونائیٹ ۱x — جیلسی میم ۳x
بیلاڈونا ۳x — نکس وامیکا ۲x
برائی اونیا ۳x — سینگونیریا نائیٹر ۱x
فیرم فاس ۶x — کیمفر ۳x (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے ہر ایک یا دو گھنٹہ کے بعد یا حسب ضرورت دو ایک گھونٹ گرم پانی میں ملا کر استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات رات کو سوتے وقت گرم پانی میں پاؤں ڈبو رکھیں۔ پھر ان کو پونچھ کر خشک کر لو اور اوپر سے لپیٹ دو اور گرم گرم چائے یا گرم پانی یا کوئی گرم چیز پی کر سو جاؤ، زکام رک جائے گا۔ لیکن اگر زکام ابتداء میں نہ رکے تو پھر مریض کے لئے ضروری ہے کہ مرض کے شدید ہونے کی صورت میں دو یا تین روز گھر سے باہر نہ نکلے کیونکہ آب و ہوا کی یکایک تبدیلی مضر ہوتی ہے۔ غذا نرم اور زود ہضم ہونی چاہیئے۔

مجربات نمبر K.H.36 زکام پرانا (CORYZA CHRONIC)

علامات زکام جو بہت پرانا ہو جائے، مریض نحیف اور کمزور ہوتا جائے۔ ساتھ ہی تکلیف دہ کھانسی ہو، اور زکام کی دیگر علامات پائی جائیں تو مندرجہ ذیل

مرکب بے حد مفید ثابت ہوتا ہے۔

نسخہ

آرسینکم آیوڈائیڈ ۳x — اپیکاک ۳x
اینٹم سلف آریٹم ۳x — کالی نائیٹریکم ۳x
کونیم ۳x — ایموینیم میوز ۳x

خوراک دس دس قطرے ہر دو گھنٹہ کے بعد تازہ پانی کے دو ایک گھونٹ میں ملا کر استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.37 دردِ قولنج COLIC

علامات بدہضمی یا کسی دیگر وجہ سے پیٹ کی آنتوں میں غیر منتظم طور پر تشنج ہو جاتا ہے۔ ناف کے اردگرد سخت درد ہوتا ہے۔ ساتھ ہی نفخ کی شکایت بھی ہو سکتی ہے۔ دردِ قولنج میں مریض پیٹ کے بل لیٹنا یا گھٹنے سکیڑ کر لیٹنا پسند کرتا ہے قبض اور متلی کی شکایت بھی ہوتی ہے۔ کبھی قے بھی آ سکتی ہے۔

نسخہ

کالوسنتھ ۳x — کالچی کم ۳x
نکس وامیکا ۳x — بیلاڈونا ۳x
کیمفر ۱x — کیوپرم میٹیلکم ۶x
میگنیشیا فاس ۳x — ڈرائرم ایلبم ۳x
سنا ۳x — (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے ہر پندرہ منٹ بعد دو ایک گھونٹ گرم پانی میں ملا کر یکے بعد دیگرے تین خوراکیں دیں اور اس کے ہر دو گھنٹہ بعد ایسی ہی خوراکیں دہرائیں۔

ضروری ہدایات فلالین کے ٹکڑے کو گرم کر کے شکم پر لپیٹیں یا گرم پانی سے انیما (حقنہ) کریں۔ اس سے بہت جلدا فاقہ ہو جاتا ہے ہر قسم کی سبزی یا ریح پیدا کرنے والی دیگر اشیاء سے پرہیز لازم ہے۔ جن کو یہ تکلیف بار بار لاحق ہوتی ہو۔ ان کے لئے مناسب ہے کہ وہ شکم کے گرد فلالین کا ٹکڑا باندھے رکھیں۔ علاوہ پیروں کو بھیگنے نہ دیں۔

مجربات نمبر K.H.38 بچوں کا قولنج اسہالی

(INFANTILE COLIC)

علامات بچہ کو سبز رنگ کے دست درد کے ساتھ بار بار آئیں۔ بچہ یہی چاہے کہ اسے گود میں لے کر پھرا جائے، بچہ درد کے مارے ٹانگوں کو سکیڑ رکھے۔ موسم گرما میں جو اسہال بچوں کو درد کے ساتھ آیا کرتے ہیں۔ ان کے لئے یہ دوا خاص طور پر بے حد سود مند ہے۔

نسخہ

ایتھیوزا ۱x — کیمومیلا ۳x
کالوسنتھ ۳x — کلکیریا فاس ۳x (ہم وزن)

خوراک چار چار قطرے یہ دوا ہر نیم گھنٹہ کے بعد ایک گھونٹ ہلکے گرم پانی میں ملا کر آرام آنے تک پلاتے رہیں۔

ضروری ہدایات پیٹ پر سینک دیں، بچہ کی غذائیں حسب ضرورت مناسب تبدیل کرنا بھی مفید ہوتا ہے۔

مجربات نمبر K.H.39 بچوں کا قولنج، بے چینی

(INFANTILE COLIC) (RESTLESSNESS)

علامات دردِ قولنج کی دیگر علامات کے ساتھ ساتھ بچہ سخت بے چین بھی رہے اور مزاج چڑچڑا اور ضدی ہو تو یہ دوا بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔

نسخہ

مینتھا پیپریٹا ۱x — کیمومیلا ۶x
کالوسنتھ ۶x — میگنیشیا فاس ۶x (ہم وزن)

خوراک چار چار قطرے یہ دوا ایک گھونٹ گرم پانی میں ملا کر ہر نیم گھنٹہ کے بعد آرام آنے تک استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات اگر قبض ہو تو گلیسرین سپازیٹری مقعد میں داخل کر دیویں۔ پاخانہ خارج ہو جائے گا۔

مجربات نمبر K.H.40 ہیضہ (CHOLERA)

علامات پہلے پیٹ میں درد ہوتا ہے پھر دست اور قے شروع ہو جاتے ہیں جن کا رنگ چاولوں کے پانی کی طرح ہوتا ہے، جسم سرد، ہاتھ پاؤں میں تشنج، سر درد، پیٹ میں سخت درد، پیاس شدت کی لگتی ہے اور طبیعت گھبرا جاتی ہے ضعف و نقاہت بہت زیادہ ہوتی ہے۔ پیشاب کا پیدا ہونا بھی بند ہو گیا ہو۔

نسخہ

اپیکاک ×۱	وریٹرم البم ×۳
کیمفر ×۱	کیوپرم ×۶
آرسینکم البم ×۳	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ پانی میں ملا کر پہلے پندرہ پندرہ منٹ کے وقفہ سے چار مرتبہ استعمال کروائیں۔ اس کے بعد دو دو گھنٹہ کے وقفہ سے ایسی خوراکیں دیں۔

ضروری ہدایات بیمار کو پینے کے لئے برف سے ٹھنڈا کیا ہوا پانی دیں اور پانی کبھی بند نہیں کرنا چاہیئے۔ کیونکہ پانی نہ دینے سے خون گاڑھا ہو کر زیادہ گھبراہٹ اور پریشانی کا موجب ہوا کرتا ہے۔ دست اور قے کو فوراً بند کرنے کی کوشش کرنا مناسب نہیں ہوتا۔ ایسی کوشش مریض کی ہلاکت کا موجب بن سکتی ہے۔

مجربات نمبر K.H.41 شیر خوار بچوں کا دردِ قولنج

(INFANTILE COLIC)

علامات بچہ کی ناف کے اردگرد سخت درد ہو اور نفخ ہو، ساتھ ہی قبض کی شکایت ہو، یا دست آتے ہوں تو ان علامات کی صورت میں مندرجہ ذیل مرکب اکسیر ثابت ہوتا ہے۔

نسخہ

بیلاڈونا ۶	کلکیریا فاس ×۶
جلاپا ×۱	میگنیشیا فاس ×۶
کیمومیلا ۶	مینتھا پیپریٹا ×۱

کالوسنتھ ×۶	سنا ×۲

خوراک چار قطرے یہ دوا ہر آدھ گھنٹہ کے بعد آرام آنے تک ذرا سے گرم پانی میں شامل کر کے استعمال کرواتے رہیں۔

ضروری ہدایات پیٹ پر سینک کریں اور بچہ کی ماں کی غذا کی اصلاح کریں۔ اور اگر قبض ہو تو گلیسرین سپازیٹری مقعد میں داخل کر دیویں۔ قبض کشائی ہو جائے گی۔

مجربات نمبر K.H.42 قبض CONSTIPATION

علامات قبض کی شکایت ہو، جگر کا فعل سست ہو چکا ہو، پاخانہ سخت ہو، اور برنگ سیاہ آتا ہو۔ درد سر ہو، سانس بدبو دار آتا ہو، اور منہ کا ذائقہ خراب ہو۔ زبان پر فرجی ہو۔ انتڑیوں کی قوتِ اخراج کمزور ہو جانے کے باعث وہ فضلہ کو اچھی طرح خارج نہ کر سکیں۔ زیادہ تر بیٹھے رہنے کے مشاغل کے باعث ہاضمہ کا سست ہو جانا، پیٹ میں متعفن ریاح پیدا ہو، حواس کند رہیں۔ دل دھڑکتا ہو، طبیعت سست رہتی ہو

نسخہ

نیٹرم میور ۶	کلکیریا فلور ۶
نیٹرم سلف ۶	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا صبح، دوپہر اور رات کو سوتے وقت تازہ پانی کے گھونٹ کے ساتھ استعمال کریں۔

ضروری ہدایات کھانا وقت پر کھایا جائے اور خوب چبا چبا کر نگلا جائے۔ گوشت کا استعمال کم کیا جائے۔ سبزی ترکاری اور پکے ہوئے پھل بکثرت کھانے چاہیئں۔

چنانچہ آم، آڑو، زرد آلو، کشمیری ناشپاتی، آلو بخارا، آلوچہ، انگور، امرود، انجیر سنگترہ، خربوزہ وغیرہ استعمال کرنے سے قبض کے رفع ہونے میں بے حد مدد ملتی ہے۔

مجربات نمبر K.H.43 دافع قبض اور مقوی جگر

(CONSTIPATION & LIVER TONIC)

علامات پاخانہ سیاہ رنگ کا تارکول جیسا آتا ہو۔ صفراوی علامات ہوں، اور غیر ہضم شدہ غذا خارج ہوتی ہو۔ پاخانہ کی حاجت لگاتار لیکن بے سود رہتی ہو۔ پاخانہ کے بعد شکم اور جگر میں درد ہو تو مندرجہ ذیل مرکب بے حد مفید ثابت ہوتا ہے۔

نسخہ

پوڈوفائلم ۱x

لپٹنڈرن ۱x

مرکیوریس ڈلسس ۶

(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے ہر تین گھنٹہ کے بعد تازہ پانی میں ملا کر استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات دیگر ضروری ہدایات وہی ہیں جو اوپر مجربات نمبر ۲۷ کے تحت بیان ہو چکی ہیں۔

مجربات نمبر K.H.44 حاملہ کی قبض

(CONSTIPATION OF PREGNANCY)

علامات حمل کے دوران قبض کا لاحق رہنا، ہاضمہ کا فتور، زبان پر فرجمی ہوئی ہے منہ کا ذائقہ خراب، سر کی گرانی، متلی کی زیادتی، پست ہمتی اور کاہلی وغیرہ علامات میں مندرجہ ذیل مرکب اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

نسخہ

کیسکارا ساگراڈا ۱x	کالن سونیا ۳
ہائیڈراسٹس ۲	نکس وامیکا ۶
ایسکولس ۱x	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا ہر تین گھنٹہ کے بعد تازہ پانی میں ملا کر استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات مریض کو غذا انتہائی سادہ اور زود ہضم استعمال کروائی جائے جس میں پھلوں اور سبزیوں ترکاریوں کی وافر مقدار شامل ہو سیر تفریح ہلکی پھلکی ورزش اور حفظانِ صحت کے دیگر تمام اصولوں کی پابندی سے بھی صحت یابی میں خاطر خواہ مدد ملتی ہے۔

مجربات نمبر K.H.45 عرق بحالی صحت

(GENERAL TONIC)

علامات شدید امراض سے صحت یاب ہونے کے بعد کمزوری اور نقاہت کا محسوس ہونا، لاغری اور دبلاپن، خون کی کمی، طبیعت گری گری رہے سستی اور کاہلی ہو تو مندرجہ ذیل مرکب جسم و جان میں چستی اور قوت پیدا کرنے میں بڑی مدد دیتا ہے۔

نسخہ

کلکیریا فاس ۶	چائنم آرس ۳
فیرم فاس ۶	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا تین مرتبہ روزانہ تازہ پانی کے گھونٹ میں ملا کر استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات غذا زود ہضم اور قوت بخش استعمال کی جائے۔ حسب برداشت ہلکی پھلکی ورزش اور سیر تفریح سے بھی بے پناہ مدد ملتی ہے۔

مجربات نمبر K.H.46 زکام رواں

(FLUENT CORYZA)

علامات کثرت سے بہنے والا زکام لاحق ہو، چھینکیں بکثرت آتی ہوں اور آنکھوں سے اور ناک سے پانی بہتا ہو۔ تو مندرجہ ذیل مرکب اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

نسخہ

ایمبروشیا ۱x	جلیسیمیم ۳
اریلیا ۳	نیٹرم آرس ۳x

آرسینکم آئیوڈائیڈ ۳x — سباڈیلا ۳
آرم ٹری فائیلم ۳ — سینگونیریا نائیٹرٹ ۱x
یوفریزیا ۳ — (ہم وزن)

خوراک: دس دس قطرے یہ دوا ہر دو گھنٹہ کے بعد گرم پانی میں ملا کر استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.47 زکام (CORYZA)

علامات: یہ مرکب بھی زکام کی بعض حالتوں میں بے حد مفید ثابت ہوتا ہے۔ ناک اور آنکھوں سے پانی بہت رواں ہو، چھینکوں کی زیادتی، زکام کا ابتدائی درجہ جس کے ساتھ خون کی علامات بھی شامل ہوں۔

نسخہ

ایکونائیٹ ۲x — جیلسی میئم ۱x
بیلاڈونا ۱x — (ہم وزن)

خوراک: دس دس قطرے یہ دوا ہر دو گھنٹہ کے بعد دو ایک گھونٹ گرم پانی میں ملا کر استعمال کریں۔

مجربات نمبر K.H.48 قبض اطفال

(INFANTILE CONSTIPATION)

علامات: شیر خوار بچوں یا بڑے بچوں میں قبض کی شکایت کا ہونا۔ بچہ کو پاخانہ نہ آتا ہو یا بہت کم سوکھا ہوا آتا ہو۔ پاخانہ کرتے وقت بچہ تکلیف محسوس کرے۔

نسخہ

ایسکیولس ۳ — میگنیشیا میور ۳x
ایلومنا ۶ — نکس وامیکا ۳
برائی اونیا ۶ — پیرافین ۳x
کالن سونیا ۳ — سیپیا ۳x
لائیکوپوڈیم ۳۰ — سلیشیا ۳x (ہم وزن)

خوراک: تین یا پانچ قطرے یہ دوا ہر دو گھنٹہ کے بعد دو ایک گھونٹ گرم پانی میں ملا کر استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات: کسٹرائل یا بادام روغن یا روغن زیتون بچہ کے پیٹ پر مل دینے سے بھی قبض رفع ہو جایا کرتی ہے۔ نیز تھوڑی سی صاف روئی لے کر اور کسٹرائیل میں بھگو کر بچہ کی مقعد میں ٹھونسنے سے بھی پاخانہ آجایا کرتا ہے۔ گلیسرین کی بتی جس کو گلیسرین سپازیٹری کہتے ہیں۔ بچہ کی مقعد میں داخل کرنے سے بھی پاخانہ آجایا کرتا ہے۔ جب قبض سخت ہو اور سُدے جمع ہو گئے ہوں تو گلیسرین کی پچکاری کرنے سے پاخانہ آجاتا ہے۔ بچہ کی ماں کو دودھ اور گھی زیادہ استعمال کروانا چاہیئے۔

مجربات نمبر K.H.49 مستورات کی قبض

(CONSTIPATION OF WOMEN)

علامات: قبض خاص کر مستورات کی، پاخانہ بمشکل آتا ہو یا بالکل نہ آتا ہو طبیعت مضمحل اور سست رہتی ہو۔ درد سر کی شکایت رہتی ہو تو مندرجہ ذیل مرکب اکسیر ثابت ہوتا ہے۔

نسخہ

ایسکیولس ۳ — ہائیڈراسٹس ۳
ایلومنا ۳x — نیٹرم میور ۳
برائی اونیا ۳ — پلاٹینا ۶
کالن سونیا ۳ — سیپیا ۱۲

خوراک: دس دس قطرے ہر دو گھنٹہ کے بعد تازہ پانی میں ملا کر مریض کو استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات: کھانا وقت پر کھانا چاہیئے اور خوب چبا چبا کر کھانا چاہیئے، غذا سادہ اور زود ہضم ہو۔ جس میں گوشت بہت کم اور سبزیوں ترکاریوں اور پکے ہوئے پھلوں کی مقدار زیادہ ہو۔ آم، آڑو، زرد آلو، کشمیری ناشپاتی، آلو بخارا، آلوچہ، انگور، امرود، انجیر، سنگترہ اور خربوزہ وغیرہ بھی قبض میں مفید ہے۔

مجربات نمبر K.H.50 کانچ نکلنا (PROLPASUS AND

علامات کانچ نکلتی ہو، پاخانہ کے وقت زور لگانے سے کانچ نکل آتی ہو۔ یہ مرض عام طور پر بچوں کو ہوا کرتا ہے۔ اس میں مقعد کا کچھ اندرونی حصہ باہر کو نکل پڑتا ہے۔ اس کا باعث عام ضعف، دائمی قبض، بواسیر، پرانے دست یا پیچش اور سنگ مثانہ ہوا کرتے ہیں۔

نسخہ

روٹا ۲×	فیرم میٹلیکم ۶
ایسکیولس ۱×	اگنیشیا ۶
ایلوز ۲×	فاسفورس ۶×
آرنیکا ۳	پوڈوفائلم ۳×
بیلاڈونا ۶×	سیپیا ۶ (ہم وزن)

خوراک بچوں کو تین سے پانچ قطرے تک اور بڑوں کو دس قطرے تک دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات دو باتوں کا خاص خیال رکھنا چاہیئے، اول کانچ کا اندر داخل کرنا اور دوسرا اصل سبب کو دور کرنا کانچ کو بڑی احتیاط سے انگلی کے ساتھ اوپر کر دینا چاہیئے۔ مریض کو بہت دیر تک کونتھنے کی اجازت نہیں دینی چاہیئے۔ ٹھنڈے پانی سے آبدست کرنا اور نہانا طاقت بخش ہے۔ غذا سادہ اور مقوی دینی چاہیئے۔

مجربات نمبر K.H.51 پاخانہ خشک اور حاجت بار بار ہو

(FREQUENT DRY STOOLS)

علامات پاخانہ ایک ہی بار میں مریض کو بافراغت نہ ہو۔ بلکہ تھوڑی تھوڑی مقدار میں تھوڑا تھوڑا خشک اور سخت پاخانہ آئے۔

نسخہ

ایلومن ۳	نکس وامیکا ۳

اناکارڈیم ۶	پلاٹینا ۳
کاسٹیکم ۶	سیلیشیا ۳
فیرم میٹلیکم ۶	سیپیا ۳
لائیکوپوڈیم ۱۲	سلفر ۳ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر ہر دو گھنٹہ کے بعد استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.52 پاخانہ کی حاجت نہ ہو

(STOOLS)

علامات مریض کو پاخانہ کرنے کی بالکل خواہش نہ ہو۔ اجابت کی حاجت بالکل مفقود ہو۔

نسخہ

ایلومینا ۳	اوپیم ۶
برائی اونیا ۳	وراٹرم ایلبم ۳ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر ہر دو گھنٹہ بعد استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.53 معدہ میں درد کھانے کے فوراً بعد

(PAIN IMMEDIATELY AFTER EATING)

علامات کسی بھی قسم کی غذا کھانے کے فوراً بعد مریض کو معدہ میں درد محسوس ہو۔

نسخہ

ابیس نائیگرا ۳	کالی کارب ۳
آرسینکم ۶	لائیکوپوڈیم ۱۲
کلکیریا کارب ۳	نکس وامیکا ۶
کاربوویج ۶	فاسفورس ۳

چائنا ۳	نیٹرم بائیکاربونیکم ۳ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ گرم پانی میں ملا کر ہر آدھ یا ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.54 معدہ میں درد، کھانے کے کئی گھنٹے بعد

(PAIN SEVERAL HOURS AFTER EATING)

علامات جب کھانا کھانے کے بعد دو تین گھنٹے بلکہ اس سے بھی زیادہ عرصہ گزر جائے تو مریض کے معدہ میں درد ہونا شروع ہو جائے۔

نسخہ

اسکیولس 1x	نکس وامیکا ۶
اگاریکس ۳	اوکسالک ایسڈ ۶
اناکارڈیم ۶	پلساٹیلا ۶
برائیونیا ۳	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر ہر ایک گھنٹہ وقفہ سے استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.55 موسم سرما کی کھانسی

(COUGH WINTER)

علامات مریض کو موسم سرما میں اکثر کھانسی کا عارضہ لاحق ہو جایا کرے کھانسی بہت تکلیف دہ ہو، بلغم بہت مشکل سے تھوڑی تھوڑی سی خارج ہوتی ہو۔ خاص کر بوڑھے اشخاص کو موسم سرما میں جو کھانسی ہو جایا کرتی ہے اس کے لئے بھی یہ مرکب بے حد مفید ہے۔

نسخہ

اینٹم سلیفوریٹم آرسیٹم ۶	برائیونیا ۳
اپیکاک ۳	کریازوٹ ۶ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر ہر دو گھنٹہ کے بعد استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.56 کالی کھانسی، کوکر کھانسی

WHOOPING COUGH

علامات کالی کھانسی ہو، مریض کا رنگ مارے کھانسی کے سرخ نیلا ہو جاتا ہو۔ کھانسی کے دورے ہوتے ہوں اور دورے کے خاتمہ پر مریض کو بلغم کی قے ہوتی ہو۔ کھانسی میں ہو ہو کی آواز پیدا ہوتی ہو۔ یہ مرض چھوتدار ہے اور زیادہ تر بچوں کو ہوتا ہے۔ ساتھ ہی سینہ اور سر میں بھی درد ہوتا ہے۔ بے خوابی کی بھی شکایت ہوتی ہے

نسخہ

بیلاڈونا ۳	اپیکاک ۳
کاکس کاکٹائی ۳	کورالیم ۳
کیوپرم ۶	میپھائی ٹس ۳
کیسٹینا 1x	سمبوکس ۳
ڈروسرا ۶	سٹینم ۳
سائنا ۳	(ہم وزن)

خوراک بیس قطرے یہ مرکب ایک چھٹانک پانی میں ملا کر ایک ایک چھوٹا چمچہ ہر ایک گھنٹہ کے بعد پلاتے جائیں۔

ضروری ہدایات کھانسی کے دوران بچہ کی کمر کو ایک ہاتھ سے اور پیشانی کو دوسرے ہاتھ سے تھامے رکھنا چاہیئے۔ بیمار کا منہ تھوک اور بلغم سے صاف کر کے اس کی کمر کو آہستہ آہستہ ملنا چاہیئے۔

Scanned by CamScanner

مجربات نمبر K H 57 نکسیر پھوٹنا، نکسیر آنا

EPISTAXIS

علامات دموی مزاج افراد کو موسم گرما و بہار میں نکسیر پھوٹنے کا میلان ہو کبھی کبھی جگر کی وریدوں میں خون کی زیادتی کی وجہ سے بھی نکسیر پھوٹتی ہے۔ کبھی ایک نتھنے سے اور کبھی دونوں سے خون بہہ کر پھر بند ہو جاتا ہے۔ لگاتار خون بہتے رہنا مہلک بھی ہو سکتا ہے۔

نسخہ

آرنیکا ۳ — اپیکاک ۳
بیلاڈونا ۳ — ملی فولیئم ۲
کاربوویج ۳ — ٹری لیئم ۲
فیرم فاس ۶ — فاسفورس ۶
ہیمامیلس ۲ — (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ مرکب ٹھنڈے پانی کے ایک دو گھونٹ میں ملا کر ہر ایک یا دو گھنٹہ کے وقفہ سے استعمال کرائیں۔

مجربات نمبر K.H.58 چھینکیں آنا

(SNEEZING)

علامات چھینکیں بکثرت آتی ہوں۔ خواہ یہ مرض حاد ہو یا مزمن ہر دو کیفیتوں میں یہ مرکب یکساں طور پر کارگر ثابت ہوتا ہے۔

نسخہ

اریلیا ۳x — جلسیمیم ۲
آرسینکم آیوڈائیڈ ۳x — سباڈیلا ۲
ایلیم سیپا ۳ — سینگونیریا نائیٹرٹ ۱x
ارنڈو ۳ — سکٹا ۲

سلیشیا ۳x
آرم ٹری فائیلم ۳
(ہم وزن)
یوفریزیا ۳

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر ہر دو یا تین گھنٹہ کے وقفہ سے استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.59 ناک بند رہنا

علامات ناک بند ہو جاتا ہو یا ناک بند رہتا ہو۔ خواہ دونوں نتھنے بند ہوں، خواہ باری باری بند ہوتے ہوں۔ جب ایک نتھنا بند ہوتا ہے تو دوسرا کھل جاتا ہے۔

نسخہ

امونیم کارب ۳ — کالی بائیکرام ۳
آرم ٹرپھی فائیلم ۳ — سمبوکس ۳
سپیر ۳ — (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ مرکب دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ استعمال کروائیں بچوں کے لئے اس کی نصف خوراک استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H 60 اسہال مزمن

DIARRHOEA

علامات اس مرض میں چھوٹی آنتوں کے فعل میں کسی نہ کسی وجہ سے فتور پیدا ہو جاتا ہے۔ پیٹ میں درد، مروڑ اور نفخ ہوتا ہے۔ زبان کا رنگ میلا ہو جاتا ہے۔ جی متلاتا ہے، ترش ڈکار، بار بار پتلے دست کبھی زردی مائل کبھی سبز رنگ کے آئیں۔ طبیعت کمزور رہتی ہے اور چہرہ مرجھا جاتا ہے۔

نسخہ

مرکیوریس سال ۳ — چائنا ۳x
آرسینکم البم ۶ — ورائٹرم البم ۶ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ مرکب دوایک گھونٹ تازہ پانی میں ملاکر ہر تین گھنٹہ بعد دن میں چار مرتبہ استعمال کروائیں۔

غذا مریض کو ثقیل اغذیہ سے پرہیز لازم ہے۔ مٹھائی، چپاتی، پکوڑے دیگر بازاری اشیاء جو تیل و بیسن سے بنی ہوئی ہوں۔ یا زیادہ چٹ پٹی ہوں۔ استعمال نہیں کرنی چاہئیں، چاول، کھچڑی، دلیہ، ساگودانہ وغیرہ استعمال کرنے چاہئیں۔ میوہ جات اور سبزیوں ترکاریوں کا استعمال مضر ثابت ہوتا ہے۔ البتہ میٹھا انار مفید ہے۔

مجربات نمبر K.H.61 کمزوری، ناتوانی، ضعف

DEBILITY

علامات جسمانی تمام پر ضعف اور ناتوانی کی کیفیت طاری ہو، معدہ کمزور ہو پٹھوں میں ناطاقتی ہو۔ یادہ کمزوری جو لمبی بیماریوں سے شفایاب ہونے کے بعد لاحق ہو ان سب کیفیات میں اس مرکب کا استعمال بہت مفید ہے

نسخہ

آرم میور	۶	فیرم میٹیلکم	۳
ایسڈ فاس	۳	چائنا	۳ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ مرکب، دوایک گھونٹ تازہ پانی میں ملاکر صبح دوپہر اور رات کو سوتے وقت تین مرتبہ دیں۔ بچوں کیلئے نصف خوراک۔

مجربات نمبر K.H.62 دانت نکلنا، دانت نکالنے کا زمانہ

DENTITION

علامات بچوں میں دانت نکلنے کے زمانہ کی مختلف تکالیف، دستوں کا آنا۔ بد ہضمی، چڑچڑاپن، دانت مشکل سے اور دیر سے نکلیں، منہ سے لعاب بہتا ہے۔ دانت نکلنے کے زمانہ میں بخار رہنا، ان علامات میں اس مرکب کا استعمال اکسیر کا درجہ رکھتا ہے اور دانت بغیر کسی تکلیف وہ علامت بآسانی آنے لگتے ہیں۔

نسخہ

کلکیریا فاس	۳×	کلکیریا کارب	۳

کیمو میلا	۳×	زنکم میٹیلکم	۳ (ہم وزن)

خوراک تین تین قطرے یہ مرکب، دوایک گھونٹ تازہ پانی میں ملاکر دن میں تین مرتبہ استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.63 عدم طمث (حیض کی کمی)

(AMENORRHOEA)

علامات مستورات میں خون حیض درد کے ساتھ آئے یا بہت قلیل مقدار میں اور زیادہ دنوں سے آئے۔ پیڑو میں نیچے کی جانب بوجھ پڑے، کبھی درد اتنا سخت ہوتا ہے کہ مریضہ بے ہوش ہوجاتی ہے۔ ان تمام علامات میں اس مرکب کا استعمال مفید ہے۔

نسخہ

پلسیٹلا	۶	سمی سی فیوگا	۶
وائی برنم آپولس	۳	ہیلونائیز	۶
کالو فائیلم	۳	(ہم وزن)	

خوراک چار پانچ روز قبل از اجرائے خونِ حیض یہ دوائی شروع کر دینی چاہیئے دس دس قطرے یہ مرکب دوایک گھونٹ گرم پانی میں ملاکر استعمال کریں۔ جب خون جاری ہوجائے تو پھر یہ دوائی استعمال نہیں کرنی چاہیئے، دوسرے اور تیسرے ماہ اسی طرح یہ عمل دہرائیں۔ بشرطیکہ ضرورت موجود رہے۔ حیض کے دوران تجربات نمبر ۶۱ کا استعمال مناسب ہوتا ہے۔

ضروری ہدایات حیض کے دوران گرم پانی کی بوتلوں یا فلالین کے ٹکڑے کو گرم پانی میں بھگو کر اور نچوڑ کر شکم کے نچلے حصہ میں ٹکور کرنا یا کولہے تک گرم پانی میں بیس یا تیس منٹ تک بیٹھنا یا گرم پانی کی پچکاری کرنا یہ سب درد اور تکلیف کو دور کرنے کے ذرائع ہیں۔

مجربات نمبر K.H.64 حیض کا درد اور تکلیف سے آنا

DYSMENORRHOEA

علامات خون حیض تھوڑا تھوڑا آئے اور درد کے ساتھ آئے۔ درد یں تشنجی قسم کی اور شدید ہوتی ہیں۔

نسخہ

	کالی فاسیلم ۱x
اشوکا ۳x	میگنیشیا فاس ۳x
پسٹیلا ۶x	فیرم فاس ۶x (ہم وزن)
وائی برنم آپولس ۳	

خوراک جب درد شروع ہو تو دس دس قطرے یہ مرکب دوا ایک گھونٹ گرم پانی میں گھول کر مریضہ کو نصف نصف گھنٹہ کے وقفہ سے پلاتے رہیں۔

ضروری ہدایات اس علاج کے دوران بھی دیگر ضروری ہدایات وہی ہیں جو قبل ازیں مجربات نمبر ۶۳ کے تحت بیان کی جا چکی ہیں۔

مجربات نمبر K.H.65 ذیابیطس شکری DIABETES

علامات اس مرض میں پیشاب بکثرت آتا ہے۔ ادھر پانی پیا ادھر پیشاب کی حاجت ہوئی لیکن پیشاب مسلسل بول کی طرح بے ارادہ خارج نہیں ہوتا۔ پیشاب میں شکر (غلال) سے زیادہ خارج ہوتی ہے۔ ذیابیطس کے مریض کا جسم دن بدن گھٹتا جاتا ہے یہ مرض ۲۵، ۳۰ برس کی عمر میں ہوا کرتا ہے عورتوں کی نسبت یہ مرض مردوں کو زیادہ ہوتا ہے۔ یہ مرض اکثر اوقات موروثی بھی ہوتا ہے۔

نسخہ

ایسی ڈک ایسڈ ۳	فیرم فاس ۶x
آرجنٹم میٹیلیکم ۳۰	آرم میٹیلیکم ۶
آرسینکم برومیٹم ۶	چائنا فیلا ۶
سائزی جیم ۱۰	چیل نتھس ۲x
فاسفورک ایسڈ ۲x	یورینیم نائٹریکم ۶ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر چار چار گھنٹے کے بعد استعمال کروائیں۔

غذا مصنوعات بنے آٹے کی روٹی، چاول، مکھن گھی، بالائی تازہ دہی، اچھا چھ، پنیر، گوشت، انڈے، سبزی، ترکاری اور ساگ پات کا استعمال مفید ہوتا ہے۔ آلو چھلکا گھی میں بھون کر کھائیں۔ میوہ جات

بادام، اخروٹ، پستہ، چلغوزہ کا استعمال مفید ہوتا ہے۔ مریض کو دل شاد اور خوش رکھنا چاہیئے۔ تازہ ہوا میں سیر کرنی چاہیئے۔

پرہیز شیریں اور نشاستہ دار اغذیہ سے پرہیز، نیز شراب و دیگر ہر طرح کی منشیات اور ثقیل اغذیہ سے پرہیز چقندر، شلغم، گاجر، زمینی قند کم کھانے چاہیئے۔

مجربات نمبر K.H.66 بدہضمی DYSPEPSIA

علامات بدہضمی کی شکایت خواہ حاد ہو خواہ مزمن ہو، معدہ اور شکم میں درد ہوتا ہو، نفخ ہو۔ فم معدہ میں بوجھ پڑا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ دھیما دھیما درد سر میں رہتا ہو۔ مریض پست ہمت اور مغموم رہتا ہو۔ جن بچوں کی پرورش بازاری دودھ سے کی گئی ہو اور ان کا ہاضمہ کمزور ہو نیز جن بچوں کو درد معدہ کی شکایت رہتی ہو ان کے دودھ میں تھوڑی سی دوا ملا دینا بھی مفید ہے۔

نسخہ

اپیکاک ۳	بسمتھ ۳
ایبس نائیگرا ۳	سیلی سلک ایسڈ ۳
کاربو ویج ۳	نکس وامیکا ۶
پیپ سین ۳x	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر ہر تین گھنٹہ کے بعد دن میں چار مرتبہ استعمال کروائیں۔ بچوں کے لئے نصف خوراک۔

ضروری ہدایات شراب، سرکہ، مکھن، گھی، تیل و دیگر مرغن اغذیہ و نیز مٹھائی وغیرہ سے پرہیز کرنا لازم ہے، غذا مریض کو زود ہضم اور لطیف کھانی چاہیئے اور خوب چبا چبا کر کھانی چاہیئے۔

مجربات نمبر K.H.67 جلن دار پھنسیاں ECZEMA

علامات پھنسیاں خواہ خشک ہوں خواہ تر ہوں، خارش ہوتی ہو اور جلن ہوتی ہو، تر پھنسیوں میں سے لیس دار مادہ نکلتا ہو، پھوڑے کاربنکل اور ہر قسم کی پھنسیوں کے لئے بہت مفید ہے۔

نسخہ

	سلفر ۳
ایگنیشیا ۳	
	سلیشیا ۳
گریفائٹس ۳	

خوراک دس دس قطرے دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.68 حیض دیر کر کے آئے

(MENSTRUATION DELAYED)

علامات خون حیض مقررہ دن پر نہ آوے۔ بلکہ کچھ دن ہر ماہ بڑھتے جائیں، اور خون کا اخراج بہت سست ہو۔ حیض سے فراغت پانے سے پندرہ روز بعد یہ دوائی مریضہ کو کھلانی شروع کر دیں اور دو ہفتہ برابر کھلاتے جائیں جب خون جاری ہو جائے تو اس وقت دوائی بند کر دی جائے۔ اگر پہلے مہینے کا اخراج درست نہ ہو تو دوسرے مہینے بھی اسی طرح پندرہ یوم دوائیں کھلائیں۔ حیض درست حالت میں آنا شروع ہو جائے گا۔ اگر تیسرے مہینے کھلانے کی ضرورت سمجھیں تو ضرور استعمال کرا دیں۔

نسخہ

ایٹرس 1x	میگنیشیا کارب ۳
کاسٹیکم ۶	نیٹرم میور x ۳
سمی سی فیوگا ۳	پلساٹیلا ۶
گریفائٹس ۶	سیپیا ۶
گاسی پیئم 1x	وائی برنم آپولس x ۳
کالی کارب ۳	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.69 حیض بے قاعدہ ہونا

(MENSTRUATION IRREGULAR)

علامات خون حیض بے قاعدہ ہو۔ کسی مہینے مقررہ وقت سے پہلے آئے اور کسی مہینے دیر سے آئے۔ خونِ حیض کی بے قاعدگی ہو۔ یہ دوائی حیض سے فراغت کے دس بارہ روز بعد کھلانی شروع کرنی چاہیئے، اور ایک ہفتہ کھلا کر بند کر دینی چاہیئے۔ اسی طرح سے دوسرے اور تیسرے مہینے بھی کرنا چاہیئے۔

نسخہ

کالوفائیلم 1x	گریفائٹس ۶
سمی سی فیوگا ۳	پلساٹیلا ۶
کاکیولس ۳	ریڈیم ۶
سائیکلیمن ۳	سیپیا ۳

خوراک دس دس قطرے دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ استعمال کرائیں۔

مجربات نمبر K.H.70 حیض دیر تک آتا رہے

(MENSTRUATION PROTRACTED)

علامات خونِ حیض ہر ماہ بجائے تین چار دن کے زیادہ دن آتا رہتا ہو۔ یہ دوائی ہر موقعہ پر استعمال کی جا سکتی ہے۔ جب کہ خون آ رہا ہو یا خشک ہو۔

نسخہ

کلکیریا سلف ۳	لائیکوپوڈیم ۱۲
کوینم ۳	نیٹرم میور ۳
کیوپرم میٹلیکم ۶	فاسفورس ۶
فیرم میٹلیکم ۶	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ مرکب دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر صبح، دوپہر، شام تین مرتبہ استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.71 ادرار الحیض، حیض لانے والی دوا

(EMMENAGOGUE)

علامات مستورات کو حیض کی بندش ہو، یا حیض بہت کم آتا ہو تو حیض کو کھولنے کے لئے یہ دوا بے حد مفید و مؤثر ثابت ہوتی ہے۔

نسخہ

پیلی لورس نائیگر ۳

ایلوز ۲ — فیرم سلف ۳

کالی ہیم ۱x — سائنا ۳

ارگوٹین ۲

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.72 تسلسل بول، بستر بھیگ جانا

(ENURESIS)

علامات پیشاب کرنے کے دوران اور مابعد درد ہو، بچوں اور بوڑھوں کو قطرہ قطرہ پیشاب خارج ہوتا رہے اور رات کو خواب میں بستر بھیگ جائے ضعف مثانہ یا پیری کے باعث پیشاب کی حاجت بار بار ہوتی ہے پیشاب نہ رکتا ہوا در قطرہ قطرہ گرتا رہتا ہو۔

نسخہ

سائنا ۳ — اکوزیٹم ۶

بیلاڈونا ۶ — رس ایرومیٹک ۶

کنتھرس ۶ — وربا سکم ۳ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر صبح، دوپہر اور شام تین مرتبہ استعمال کروائیں چھوٹے بچوں کے لئے نصف خوراک اور شیر خوار بچوں کے لئے ایک چوتھائی خوراک ہے۔

ضروری ہدایات چونکہ یہ ایک عارضہ ہے اس لئے مریض بچوں کو جسمانی سزا دینے یا ڈانٹ ڈپٹ سے کچھ فائدہ نہیں ہوا کرتا باقاعدہ علاج ہی سے یہ عارضہ رفع ہوتا ہے۔ دن کے وقت پیشاب کو روکنے کی مشق کرنا بھی بہت

مفید ہوتا ہے۔ تمام نمکین، تیز اور ترش اشیاء کھانا، بیئر، شراب، چائے اور کافی پینا ممنوع ہے۔ گوشت بھی حتی الوسع کم کھانا چاہیئے۔ پھل بھی تھوڑی مقدار میں استعمال کرنا چاہیئے۔

۱

مجربات نمبر K.H.73 دافع بلغم، بلغم خارج کرنیوالی دوائی

EXPECTORATION

علامات سینہ میں سانس لینے پر یا کھانستے وقت بلغم کی کھڑکھڑاہٹ ہو، لیکن بلغم کا اخراج نہ ہوتا ہو۔ تکلیف دہ کھانسی ہو، لیٹنے پر کوتاہ دمی ہو۔ بعض اوقات سینہ اور کندھوں کے مقام میں دردیں ہوں لعدکھانسنے سے درد میں اضافہ ہو ان جملہ علامات کی صورت میں مندرجہ ذیل مرکب مفید ثابت ہوتا ہے۔

نسخہ

بیلاڈونا ۶ — اینٹم ٹارٹ ۶

اپیکاک ۳ — ایکسٹریکٹ سینیگا ۱x

ایکسٹریکٹ لائکورس ۱x — (ہم وزن)

خوراک:۔ دس دس قطرے یہ مرکب دوا ایک گھونٹ تازہ پانی کے دو ایک گھونٹ میں ملا کر ہر ایک یا دو گھنٹہ بعد استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات سینہ پر لنی منٹ ٹیری بن تھینا کی مالش کریں اور اوپر روئی گرم کرکے باندھیں اور اس کے اوپر گرم گرم ٹکور کریں۔ ٹکور کرنے کے لئے چھان، ریت اور پسا ہوا نمک ملا کر ادر حسب برداشت حد تک گرم کرکے استعمال کرنا بھی مناسب ہوتا ہے۔

مجربات نمبر K.H.74 نفخ (FLATULENCE)

علامات امراض معدہ و امعاء، امراض جگر و رحم، مرض نقرس وغیرہ کے باعث یا اکثر غذائے غیر منہضم کے متعفن ہونے سے پیٹ میں ریح پیدا ہو کر نفخ کا باعث ہوا کرتی ہے۔ عصبی مزاج کے اشخاص کو یہ عارضہ زیادہ لاحق ہوتا ہے کھانے کے چند گھنٹوں کے بعد پیٹ اپھر جاتا ہے اور جب تک ڈکار وغیرہ آکر ہوا خارج نہ

ہوجائے۔ طبیعت ہلکی نہیں ہوتی۔ کبھی نفخ کی زیادتی سے پیٹ میں درد ہوتا ہے اور دل دھڑکنے لگتا ہے۔

نسخہ

ایبس نائیگرا ۱x	ایسافوٹیڈا ۳x
کلکیریا فاس ۶x	اگنیشیا ۲x
نکس ماسکاٹا ۱x	زنجی بر ۳ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ گرم پانی میں ملا کر ہر ایک یا دو گھنٹہ کے بعد استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات شیرینی، نشاستہ دار اغذیہ، نیز میوہ جات، چائے لسی، شوربا اور سبزی ترکاری سے پرہیز کریں اور شکم پر گرم پانی کی بوتل سے سینک کریں۔ یا گرم روئی اوپر باندھ دیں۔ غذا کے ساتھ پانی کم پینا چاہیئے۔ البتہ غذا کے ایک یا دو گھنٹہ کے بعد پانی پی لیا کریں۔ ہینگ کو گائے کے پیشاب میں رگڑ کر اور تھوڑا گرم کر کے پیٹ پر لیپ کرنے سے اپھارہ دور ہو جاتا ہے۔

مجربات نمبر K.H.75 ریح کی زیادتی

FLATULENCE

علامات یہ مرکب نفخ کے ایسے مریضوں کے لئے بالخصوص مفید ہے۔ جن میں بدہضمی، پیٹ کی تناوٹ، نفخ اور پیٹ میں ہوا کا بھر جانا اور گڑ گڑ کرنا پایا جائے اور ساتھ اسہال کی بھی شکایت ہو۔

نسخہ

کاربوویج ۲x	بسمتھ ۱x
لائیکوپوڈیم ۳x	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ گرم پانی میں ملا کر دن میں چار مرتبہ استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات اس سلسلہ میں ضروری ہدایات وہی ہیں جو دیگر بات تجربہ کے تحت بیان ہو چکی ہیں۔

مجربات نمبر K.H.76 صفراوی پتھری، گردہ کی پتھری

(GALL STONE-RENAL COLIC)

علامات بعض اوقات پتہ، گردہ یا مثانہ میں غلیظ فاسد مادوں کے انجماد سے پتھریاں بن جاتی ہیں یہ پتھریاں چھوٹی بڑی کم و بیش حجم کی ہوتی ہیں۔ یہ پتھریاں جب کسی ایک ہی جگہ پڑی رہیں تو مدتوں مریض کو ان کی موجودگی کا کوئی احساس نہیں ہوتا۔ البتہ جب یہ پتھری ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کی کوشش میں کہیں پھنس کر رہ جاتی ہے تو شدید درد محسوس ہوتا ہے۔

نسخہ

سوبربیرس ولگیرس ۱x	چیلی ڈونیم ۳x
کولیسٹرین ۱x	چینوفنتھس ۱x
کلکیریا رین فاس ۳x	چائنا ۱x
لتھ بنز ۳x	ڈایاسکوریا ۱x
میگوپائرین ۱x	ہائیڈراسٹس ۱x (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ گرم پانی میں ملا کر ہر دو گھنٹہ کے بعد استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات اگر مقام جگر میں درد ہو تو جگر پر اور اگر گردہ کے مقام میں درد ہو تو مقام گردہ پر سینک دیں۔ اگر قبض ہو تو پہلے کیسٹر آئل گرم دودھ میں پلائیں۔ جب قبض کشائی ہو جائے تو مندرجہ بالا دوائی شروع کر دیں۔

مجربات نمبر K.H.77 سوزاک GONORRHOEA

علامات یہ ایک چھوتدار بیماری ہے جو سوائے انسان کے کسی حیوان کو نہیں ہوتی۔ اس کا باعث ایک خردبینی جرثومہ ہوتا ہے۔ اس عارضہ میں پیشاب کی نالی متورم ہو جاتی ہے۔ پیشاب جلن سے آتا ہے۔ اس کے ساتھ پیپ آنے لگتی ہے۔ سوزاک کا زخم عام طور پر پیشاب کی نالی کے اگلے حصہ میں ہوتا ہے۔ لیکن کبھی کبھی پیچھے ہو کر مثانہ وغیرہ میں جا پہنچتا ہے اور بہت سے امراض پیدا کرنے کا موجب بنتا ہے۔

نسخہ

جیلسی میم ۳
کینابس ۳
(ہم وزن)
کینتھرس ۳

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دوایک گھونٹ تازہ پانی میں ملاکر ہر چار گھنٹہ کے بعد استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات جب مرض کا حملہ شدید ہو تو مریض کو نرم غذا دینی چاہیئے اور منشیات سے قطعی پرہیز لازمی ہے اور جہاں تک ممکن ہو سکے جسمانی محنت بھی کم کرنی چاہیئے۔ بالکل آرام سے پڑا رہنے کے برابر جلدی شفا دینے والی اور کوئی دوا نہیں ہے۔ مریض کو آش جو، دودھ اور سوڈا واٹر کا استعمال زیادہ کرنا چاہیئے تاکہ پیشاب کھل کر آتا رہے۔ گرم اور خراش پیدا کرنے والی چیزیں مثلاً گرم مصالحہ سرخ مرچ، اچار، کھٹائی، چٹنی، گوشت، انڈے، چائے، قہوہ سے پرہیز رکھنا لازم ہے۔ یہ تو از بس ضروری ہے کہ مریض مجامعت سے قطعی پرہیز رکھے، شراب و کباب کا استعمال مطلق ممنوع ہے۔ مریض کو دودھ چاول، ڈبل روٹی، دودھ جو کا دودھ میں پکایا ہوا دلیا، کھچڑی، مونگ و ماش کی دال اور روٹی اور دیگر ٹھنڈی سبزیاں، ترکاریاں استعمال کرنی چاہیئں۔

مجربات نمبر K.H.78 سوزاک (لوشن برائے پچکاری)

(GONORRHOEA LOTION)

علامات جب سوزاک کی شدید علامات چار یوم کے بعد کم ہو جائیں تو مندرجہ ذیل مرکب کے آٹھ دس قطرے پانی میں حل کر کے پچکاری کرنے کی ہدایت کریں۔

نسخہ

زنک سلفٹ ۳
ہائیڈراسٹس ۳
الیومن ۳
سلفوکری سول ۳ (ہم وزن)

ترکیب استعمال آٹھ دس قطرے دوا دس یعنی قریباً ایک چھٹانک گرم پانی میں حل کر کے ہر مرتبہ پیشاب کرنے کے بعد اس لوشن سے پچکاری کر ڈالو۔

مجربات نمبر K.H.79 پرانا سوزاک، قرحہ

(CHRONIC GONORRHOEA)

علامات پرانا سوزاک اور قرحہ ہو۔ پیپ لگاتار خارج ہوتی ہو، خواہ زرد رنگ کی پیپ ہو یا سبز رنگ کی ہو۔ دونوں صورتوں میں اس کا استعمال بے حد مفید ہوتا ہے۔

نسخہ

کالی سلفٹ ۳
تھوجا ۱×
کوبے با ۱×
اوڈیم سنٹیالی ۱×
سلفر ۳
پلساٹیلا ۶ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ مرکب ہر چار گھنٹہ کے بعد دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملاکر استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات وہی ہیں جو اوپر مجربات نمبر ۷۷ کے تحت بیان کی جا چکی ہیں۔

مجربات نمبر K.H.80 نقرس، گنٹھیا (GOUT)

علامات اس مرض میں چھوٹے جوڑوں میں ورم ہو جاتا ہے کیونکہ خون میں یورک ایسڈ کی زیادتی کی وجہ سے اس کے اجزاء جوڑوں میں تہ نشین ہو کر درد کا باعث ہوتے ہیں۔ بعض اوقات یہ مرض اندرونی اعضاء میں بھی پھیل جاتا ہے۔ عموماً یہ مرض موروثی ہوتا ہے اور عام طور پر ۳۵۔ ۴۰ برس کی عمر سے پیشتر لاحق نہیں ہوتا۔ اس مرض کا حملہ عام طور پر رات کے پچھلے حصہ میں ہوتا ہے۔ پاؤں کے انگوٹھے یا کسی اور جوڑ میں دفعتہً شدید درد پیدا ہو جاتا ہے۔ خفیف لرزہ ہو کر قریباً ۱۰۲ درجہ کا بخار چڑھ جاتا ہے۔ سات آٹھ روز میں یا تو صحت ہوتی ہے یا مزمن صورت اختیار کر لیتا ہے۔

نسخہ

فارمیکا ۳×
وسکم ایلم ۳×
گوائیکم ۳×
لیڈم ۳×
کالچی کم ۳×
لیتھیم کارب ۳×

(ہم وزن)

پلساٹیلا ۲x

خوراک دس قطرے یہ دوا ہر تین گھنٹہ کے بعد دن میں چار مرتبہ تازہ پانی میں ملا کر استعمال کریں۔ جب مرض کا حملہ شدید ہو تو یہ دوائی ہر دو گھنٹہ کے بعد دی جا سکتی ہے۔ اگر خفیف ہو تو دن میں دو یا تین مرتبہ ہی کافی ہوتی ہے۔

مجربات نمبر K.H.81 سردرد (مجوزہ ڈاکٹر ہیل)

(HEAD ACHE—DR. HALES)

علامات:۔ عصبی مزاج والے افراد میں صفراوی دردِ سر ہو، ذرا سی بے اعتدالی سے دردِ سر عود کر آتا ہو۔ زبان پر فرجی رہتی ہو۔ بھوک بہت لگتی ہے اور مریض بے قرار رہتا ہے۔

نسخہ

ٹرائی سین ۱x	نکس وامیکا ۶x
یونائیمن ۱x	پلساٹیلا ۶
سنگونیریا ۱x	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی کے ساتھ ملا کر ہر ایک گھنٹہ کے بعد استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.82 مقوی دل، اکسیر ضعفِ دل

(HEART TONIC)

علامات دل کو تقویت دینے میں یہ بہت مجرب ہے، ضعف قلب، دل کی کمزوری دور کرنے میں یہ مرکب بے مثل ہے۔

نسخہ

کراٹیگس ۱x	سٹرکنیا فاس ۶
کنولیریا ۱x	سٹر فنتھس ۳
کاکٹس ۱x	دراٹرم البم ۳
کلمیا ۲x	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر ہر تین گھنٹہ کے بعد استعمال کریں۔

مجربات نمبر K.H.83 بواسیر HAEMORRHOIDS

علامات بواسیری مسّے ہوں، خصوصاً ایسے اشخاص کے لئے جن کو بوجہ پورٹل کنجشن (جگر کی وریدوں میں خون جمع ہو جانا) کے بواسیر رہتی ہو لیے بواسیری مسّے جو کہ مقعد کا راستہ روک دیتے ہیں اور بہت درد کرتے ہیں حالانکہ ان میں سے خون بھی نہ نکلتا ہو۔

نسخہ

ایسکیولس ۵	ہیمامیلس ۵
کالن سونیا ۵	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ مرکب دوا ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر ہر تین گھنٹہ کے بعد استعمال کروائیں۔

خارجی طور پہ پائلز مرہم لگانا بھی مفید ثابت ہوتا ہے۔

ضروری ہدایات جب بواسیری مسّوں میں سخت درد ہوتا ہو تو جوشاندہ پوست کی ٹکور کرنا یا مقعد پر پلٹیس باندھنا مفید ہوتا ہے جب مسّے باہر نکلے ہوئے ہوں تو ان پہ ہیمامیلس مرہم یا پائلز مرہم لگائیں۔

مجربات نمبر K.H.84 بواسیری مسّے

علامات مسّوں والی ایسی بواسیر جس کے ساتھ قبض کی بھی شدید شکایت رہتی ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل مرکب بے حد مفید ثابت ہوتا ہے (نسخہ)

ایلوز ۳x	نکس وامیکا ۳x
سلفر ۳x	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ گرم پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ صبح، دوپہر اور شام کو استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.85 چھپاکی، پتی اچھلنا

(URTICARIA)

علامات جسم پر گول گول سرخی مائل دھبے تمام جسم پر ظاہر ہو جایا کرتے ہیں جن میں جلن اور شدت کی خارش ہوتی ہے اور پھر وہ جلدی غائب بھی ہو جاتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہلکا بخار بھی ہو جاتا ہے۔

نسخہ

کلورل ہائیڈریٹ ۲x	ایپس میلیفیکا ۳x
ارٹیکا اورنز ۱x	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر ہر دو گھنٹے کے وقفہ سے استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات لیموں کا پانی پینا بہت مفید ہوتا ہے لیموں کے ٹکڑے کاٹ کر جسم پر ملنے سے جلن اور گرمی کا آرام آجاتا ہے سادہ غذا کھانا اور خشک و معتدل آب و ہوا میں رہنا چاہیے۔ ثقیل غذا سے پرہیز کریں اور جسم صاف ستھرا رکھنا چاہیے۔

مجربات نمبر K.H.86 ہسٹریا، بائی گولہ، اختناق الرحم HYSTERIA

علامات یہ مرض زیادہ تر عورتوں کو ہوتا ہے۔ اکثر اوقات نظام عصبی کا فتور اس کا باعث ہوتا ہے یہ مرض موروثی بھی ہو سکتا ہے۔ اس میں عورت کو پیٹ میں ایک گولہ سا اٹھ کر گلے میں پھنستا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ اور بے حد ہنسنے اور چیخنے کے دورے بھی پڑ سکتے ہیں۔ مریضہ بے ہوش بھی ہو جاتی ہے۔

نسخہ

ایسافوئیٹیڈا ۳x	ہائیوسائیمس ۳
ارجنٹم نائیٹر ۳	ٹیرنٹولا ہسپانیہ ۳
زنک ویلیریانا ۳x	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ استعمال کروائیں دورہ کی حالت میں پندرہ پندرہ منٹ کے وقفہ سے بھی دہرا سکتے ہیں۔

ضروری ہدایات مریضہ کو فوراً ہوادار کمرہ میں لٹائیں اور اس کی گردن اور چھاتی کو ڈھیلا کر کے اس کے چہرے پر سرد پانی کے چھینٹے ماریں سر کے نیچے سرہانے رکھ دیں تاکہ سر قدرے اونچا رہے کلوروفارم یا ایمل نائٹریٹ سنگھائیں یا دو چینی کھنڈ کا ایک ایک قطرہ [illegible] رکھیں۔

مجربات نمبر K.H.87 شیر خوار بچوں کی تکالیف

(INFANTILE TROUBLES)

علامات [illegible]

کیمومیلا ۳x	کلکیریا فاس ۳x
کالوسنتھ ۳x	[illegible]
جلاپا ۳x	[illegible]

خوراک تین تین قطرے یہ دوا ہر نیم گھنٹہ کے بعد آرام آنے تک استعمال کروائیں۔ اس کے بعد ہر تیسرے گھنٹے یا حسب ضرورت دیں۔ یہ دوائی بچوں کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ اس کے استعمال سے بچہ توانا اور موٹا ہو جاتا ہے اور دانت نکالنے کے زمانہ کی تکالیف بھی نہیں ہوتیں۔ گرائپ واٹر جیسی ادویہ کا بہترین بدل ہے۔

مجربات نمبر K.H.88 بے خوابی، نیند نہ آنا

(INSOMNIA)

علامات ہر قسم کی بے خوابی میں یہ دوائی مؤثر ہوتی ہے لیکن جب درد کی وجہ سے نیند نہ آتی ہو یہ دوائی مؤثر نہیں ہوتی بدوں درد کے باقی تمام حالتوں میں مفید ہے۔

نسخہ

ایونیا سٹائیوا ۱x	ہائیوسائیمس ۳
کافیا ۳x	کیمومیلا ۳
پیسی فلورا ۱x	(ہم وزن)

خوراک سونے سے دو گھنٹہ پہلے یہ دوائی شروع کرنی چاہیئے اور دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ پانی میں ملا کر ایک ایک گھنٹہ کے بعد دیں۔

ضروری ہدایات شام کے وقت غسل کرنا یا ٹھنڈے پانی سے بدن پونچھنا۔ سونے کے کمرہ میں ہوا کی آمد و رفت کا ہونا زیادہ رات گئے کھانا کھانے سے بچے رہنا۔ سونے سے چند گھنٹے پہلے سے ہی دل کو پرسکون اور یکسو کرنا چاہیئے۔ صبح سویرے اٹھنا، مناسب محنت یا ورزش کرنا بھی ضروری ہے۔

مجربات نمبر K.H.89 بوقت مجامعت عورت کو درد ہو

(COITION PAIN)

علامات مجامت کے دوران میں عورت بہت درد محسوس کرتی ہے، اور مجامت سے نفرت کرنے لگتی ہے۔

نسخہ

پلاٹینا ۲ — فیرم میٹلیکم ۲
سیپیا ۳ — بربیرس ولگیرس ۳
سٹافی سیگریا ۳ — بیلاڈونا ۶
کریازوٹ ۳ — (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا صبح دوپہر اور شام کو دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.90 یرقان (JAUNDICE)

علامات یرقان کا عارضہ ہو، آنکھیں زرد ہوں۔ یہاں تک کہ ناخن بھی زرد ہو گئے ہوں، یرقان کے ہر درجہ میں یہ دوا بہت مفید ہے

نسخہ

کارڈوس مریانس ×۱
چیونینتھس ×۱

چیلی ڈونیم ×۳ — مرکیوریس کار ۲
نیٹرم سلف ۳ — کولیسٹرین ×۳
پوڈوفائیلم ×۱ ۲ — (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ مرکب دوا ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر دن میں چار مرتبہ استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات آرام اور تبدیلی آب و ہوا بہت مفید ہوتی ہیں۔ مریض دماغی محنت سے پرہیز کرے اور منشیات سے قطعی طور پر پرہیز لازم ہے۔ مقام جگر پر ٹکور کرنا ازبس ضروری ہے۔ اس سے درد کو افاقہ ہوتا ہے اور صفرا کی نالیوں کے کھلنے میں مدد ملتی ہے مریض کو دودھ میں سوڈا واٹر یا آش جو ملا کر دیں اور جب مرض گھٹنے لگے تو ساگودانہ یا پتلی سی کھچڑی یا یخنی وغیرہ تھوڑی تھوڑی دیں لیکن مرغن اور نشاستہ دار اغذیہ صحت ہونے پر دیں

مجربات نمبر K.H.91 مستورات میں دودھ کی کمی

(AGALACTEA)

علامات زچہ کو دودھ بہت کم پیدا ہو یا ندارد ہو۔ اس دوائی کے استعمال سے دودھ بکثرت پیدا ہوتا ہے۔

نسخہ

ایگنس کاسٹس ×۱ — فاسفورک ایسڈ ×۱
ایسافوٹیڈا ×۱ — پلسیٹلا ۶
کلکیریا کارب ×۳ — رسی نس ۳
سلیشیا ۶ — ایکسرے ۳
ارٹیکا اورنز ۳ — (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ مرکب دوا ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات پستانوں کو گرم پانی کے ساتھ دھو کر ان کے اوپر کسٹرآئل کی مالش دن میں تین مرتبہ کرنی چاہیئے۔

اگر ارنڈ کے پتے دستیاب ہوں تو کچھ پتے لے کر ان پر کسٹر آئل لگا کر اور گرم کر کے پستانوں کے اوپر باندھ دینے چاہئیں۔ تین چار روز دوائی کے استعمال اور اس خارجی علاج سے دودھ کافی پیدا ہونا شروع ہو جائے گا۔

مجربات نمبر K.H.92 اسقاطِ حمل ABORTION

علامات جب اسقاطِ حمل کا ڈر پیدا ہو جائے نلوں میں دردیں ہوں اور خون کا اخراج خواہ ابھی جاری ہوا ہو یا نہ ہوا ہو ہر حالت میں یہ دوا مفید ہے جن مستورات کو اسقاط کی عادت پڑ گئی ہو ان کو یہ نسخہ دوسرے مہینہ کے بعد شروع کر دینا چاہیئے۔ دوائی دو مرتبہ دن میں صبح و شام ٹھنڈے پانی کے ساتھ استعمال کرانی چاہیئے ایک ہفتہ دوائی استعمال کرنے کے بعد دو ہفتہ بند رکھنی چاہیئے۔ پھر ایک ہفتہ دوائی استعمال کرانی چاہیئے پھر دو ہفتہ بند رکھنی چاہیئے غرضیکہ اسی طرح سے پانچویں چھٹے ماہ تک دوائی استعمال ہونی چاہیئے۔

(نسخہ)

الیٹرس فیری نوسا ١x		سائنا	٣
سمی سی فیوگا	٣	سیکیل کار	٦
سنا مونم	٣	وائبرنم آپولس	٦
ہیلونائیز	٣	آرنیکا	٦ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ ٹھنڈے پانی میں ملا کر نلوں میں درد شروع ہونے یا خون کا اخراج شروع ہونے کے ساتھ ہی شروع کر دیں اور ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے دیتے رہیں۔

ضروری ہدایات جونہی خطرے کی ذرا سی علامات کا اظہار ہو فوراً حاملہ کو ایک سرد ہوادار کمرہ میں لٹا دیں اور اسے چلنے پھرنے یا اٹھنے کی ہرگز اجازت نہ دیں حتی کہ اسقاط کی تمام علامات غائب ہو جائیں غذا ہلکی اور زود ہضم دیں۔ مثلاً ارا روٹ، ساگو دانہ یا کھچڑی وغیرہ، گرم اشیاء مثلاً کافی چائے وغیرہ پینے سے پرہیز مناسب ہے۔ مجامعت سے بھی پرہیز کریں۔ سرد پانی میں کپڑا بھگو کر پیڑو پر رکھیں یا اندام نہانی میں رکھیں یا برف پیڑو پر لگائیں۔

اسقاط ہو جانے کی صورت میں وہ تمام احتیاطیں ملحوظ رکھنا ضروری ہیں جیسی کہ وضع حمل کے بعد کی جاتی ہے۔ مریضہ کو آرام سے بستر پر لٹائے رکھیں اور اگر مریضہ کافی

آرام کرنے کے بغیر بستر سے اٹھ کر گھر کے کام کاج کرنے لگے تو کئی قسم کے امراض مثلاً رحم کا اپنی جگہ سے ٹل جانا۔ رحم کا باہر نکل آنا۔ ناف کا بڑا ہو جانا اور نیز اسقاط کا عادی ہو جانا وغیرہ عوارض پیدا ہو سکتے ہیں۔

مجربات نمبر K.H.93 خصیۃ الرحم میں عصبی درد

(OVARALGIA)

علامات اووری (OVARY) یعنی خصیۃ الرحم میں عصبی قسم کے درد ہوں۔

نسخہ

ایپس میلیفیکا	٦	للیم ٹگرینم	٦
بیلاڈونا	٦	میگنیشیا فاس	٣
سمی سی فیوگا	٣	پلاٹینا	٦
کالو سنتھ	٦	اسٹی لاگو	٣
جیلسی میئم	٣	وائبرنم آپولس	٣ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے دوا ایک گھونٹ گرم پانی میں ملا کر ہر دو گھنٹہ کے بعد استعمال کروائیں۔ زیادہ شدید حالتوں میں ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے دیں۔

مجربات نمبر K.H.94 شرمگاہ میں جلن، گرمی

(BURNING HEAT IN VAGINA)

علامات مستورات کی اندام نہانی (ویجائنا VAGINA) میں جلن و گرمی محسوس ہوتی ہو۔

نسخہ

آرم میوراٹیکم	٦	ہائیڈروکوٹائل	١x
بیلاڈونا	٦	کریازوٹ	٦
بربیرس ولگیرس	١x	سیپیا	٦
کینتھرس	٣	سلفر	٦ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوائی دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر دن
میں چار مرتبہ استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.95 اندام نہانی میں خارش

(ITCHING IN VAGINA-VULVA)

علامات مستورات کے اندام نہانی میں خارش ہوتی ہو، اور سارے
کھجلی کے مریضہ سخت پریشان رہتی ہو۔

نسخہ

آرم میور ۶	ہائیڈروکوٹائل ×۱
کلاڈیم ۶	کریوزوٹ ۶
کینتھرس ۶	سیپیا ۳
کونیم ۶	سلفر ۳
ہیلونائیز ۶	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر ہر تین
گھنٹہ کے بعد استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.96 پیشاب میں فاسفیٹس خارج ہونا

(PHOSPHATURIA)

علامات پیشاب کرتے وقت پیشاب کا رنگ یعنی دودھ سفید سفید رسوب جو
تھوڑے عرصہ کے بعد قارورہ یعنی ظرف بول میں جم جاتے ہیں۔
بہت خارج ہو۔

نسخہ

الفالفا ×۱	ہائیڈرانجیا ×۳
ایوناسٹائیوا ×۱	فاسفورک ایسڈ ×۱
بنزایک ایسڈ ×۳	پکرک ایسڈ ×۳
کلکیریا فاس ×۳	سائی ڈاگو ×۳

	تھلاسپی برسا ×۱
چیلی ڈونیم ×۳	(ہم وزن)
بیٹی نم سلت ×۳	

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی کے ساتھ ہر تین
گھنٹہ کے بعد استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.97 لیکوریا، سیلان الرحم

LEUCORRHOFA

علامات رحم سے تیز سوزشی رطوبت کا اخراج ہو۔ سفید دودھ خارج ہو۔
بدبودار ہو۔ بہت مقدار میں خارج ہو۔ لیکوریا کی یہ نہایت اعلیٰ
دوائی ہے۔ ہر عمر اور ہر مزاج کی مریضہ کے لئے مفید تر ہے۔ ہر قسم کے لیکوریا میں نافع ہے۔

نسخہ

کالی بائیکرام ×۱	اووا ٹشا ×۳
پلساٹیلا ×۱	(ہم وزن)

خوراک یہ مرکب دس دس قطرے صبح، دوپہر، شام، دو ایک گھونٹ تازہ
پانی میں ملا کر استعمال کروائیں۔ شدید حالت میں دن میں چار پانچ
مرتبہ استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات مقامی طور پر اندام نہانی کو پاک وصاف رکھنا نہایت ضروری
ہے۔ ورنہ رطوبت کی خراش کی وجہ سے اندام نہانی
میں زخم ہوجانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ گرم پانی آدھ سیر، پھٹکڑی ایک ڈرام ملا کر یا گرم
پانی آدھ سیر پر میگنیٹ آف پوٹاشش دس گرین ملا کر اس محلول سے بذریعہ انیما سرنج
(جس کے ساتھ وجائنل ٹیوب لگی ہو) دن میں دو تین بار اندام نہانی کو دھونا بہت مناسب
ہے۔ زیادہ شدید کیسوں میں مریضہ کو چپ چاپ لیٹے رہنا چاہیئے۔ محنت و مشقت کرنے
سے یہ مرض زیادتی اختیار کرتا ہے۔ کھلی ہوا، صاف ستھرا ماحول بھی بہت ضروری ہے۔
مریضہ کو قوت بخش غذاؤں کا استعمال کرنا چاہیئے۔ کثرت مجامعت بھی منع ہے۔

مجربات نمبر K.H.98 پرانا سیلان الرحم

(CHRONIC LEUCORRHOEA)

علامات لیکوریا (پرانا سیلان الرحم) کے پرانے عارضہ میں مندرجہ ذیل نسخہ کا استعمال بے حد مفید ثابت ہوتا ہے۔

نسخہ

زنکم ۶	اووانٹلا ×۳
پلساٹیلا ۶	للیم ٹگرینم ۶ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے دو گھونٹ پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ مریض کو استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات وہی ہیں جو اوپر مجربات نمبر ۹۷ کے تحت تحریر کی جا چکی ہیں۔

مجربات نمبر K.H.99 دردِ کمر، سردی کے باعث

(BACK ACHE-LUMBAGO)

علامات کمر کے حصہ میں اکثر اوقات درد کی شکایت رہے۔ جس کا باعث محنت کی کثرت جسمانی تھکان، کمزوری، سردی لگنا یا وجع مفاصل ہو۔

نسخہ

جیلسی میئم ×۳	برائی اونیا ×۳
سمی سی فیوگا ×۳	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ گرم پانی میں ملا کر ہر ایک گھنٹہ کے بعد استعمال کریں۔

ضروری ہدایات مریض آرام سے بستر پر لیٹا رہے اور سردی سے اپنے آپ کو محفوظ رکھے۔ مقام درد پر رسٹاکس اور برائیو نیا مدر ٹنکچر ملا کر دن میں دو مرتبہ مالش کریں اور مقام درد پر سینک کریں۔ بعض اوقات السی کی گرم گرم پلٹس باندھنا یا رائی کا پلستر لگانا یا گلاس لگانا یا تارپین کے تیل یا لنی منٹ آف ٹرپن ٹائن یا پیٹرول کی مالش کرنا بھی مفید ہوا کرتا ہے۔ قبض کو دور کریں۔ اگر مرض کا دورہ بار بار ہوتا ہو

اور مرض پرانا ہو گیا ہو تو مریض کو چاہیئے کہ وہ سردی سے اپنے آپ کو بالکل محفوظ رکھے۔

مجربات نمبر K.H.100 ملیریا بخار (MALARIA FEVER)

علامات سردی لگ کر بخار چڑھتا ہو۔ درد سر ہو، خواہ ساتھ ہی قے بھی آتی ہو۔ پسینہ بہت آتا ہو۔ یا نہ آتا ہو اور نقاہت بہت آجاتی ہو غرضیکہ ملیریا اور نوبتی بخار میں یہ دوائی مجرب ہے۔ اس کے استعمال سے بخار رک جاتا ہے زیادہ کونین کے استعمال سے جو نقائص معدہ اور جگر میں پیدا ہو جاتے ہیں۔ وہ اس مرکب کے استعمال سے پیدا نہیں ہوتے۔ بلکہ اس کے استعمال سے قوائے ہاضمہ کو تقویت ملتی ہے کیونکہ اس میں کونین کے ساتھ نکس وامیکا اور آرسینیکم بھی شامل ہے۔ ملیریا اور نوبتی بخار کی ہر حالت میں یہ دوائی استعمال کی جا سکتی ہے۔ خواہ بخار چڑھا ہوا ہو، اور خواہ اترا ہوا ہو۔

نسخہ

	چینی نم سلف ×۳
آرسینیکم البم ×۶	یوپاٹوریم پرف ×۳ (ہم وزن)
نکس وامیکا ×۶	

خوراک :- دس دس قطرے یہ دوا ہر دو گھنٹہ کے وقفہ سے دو ایک گھونٹ پانی میں ملا کر دیتے ہیں۔ حتیٰ کہ بخار اتر جائے۔

ضروری ہدایات اگر مریض کو قبض بہت ہو تو بذریعہ کسٹر آئل یا قبض کشا گولیوں یا دیگر دست آور دوائی دے کر دور کر دینی چاہیئے اور پھر یہ نسخہ استعمال کرنا چاہیئے۔ اگر قبض سخت نہ ہو تو پھر جلاب وغیرہ کی ضرورت نہیں ہے۔ صرف یہ دوا کافی ہے۔

غذا مریض کو حتی الوسع پیٹ خالی رکھنا چاہیئے۔ صرف دودھ اور پانی پر گزارہ کرنا چاہیئے۔ حتیٰ کہ بخار رک جائے، ساگودانہ، ارارو ٹ کسی چیز کا رس، مونگ کی دال کا پانی دیا جا سکتا ہے۔ مریض کو پیٹ بھر کر غذا نہیں کھانی چاہیئے اور نہ ہی ثقیل و دیر ہضم غذا کھانی چاہیئے۔ پیاس کی شدت کو دور کرنے کے لئے مریض کو سرد پانی تھوڑا تھوڑا دیتے رہنا چاہیئے۔ برف کے ٹکڑے چوسنے کے لئے دیویں۔ سوڈا واٹر برف میں ٹھنڈا کیا ہوا پلائیں۔ یا آشش جو اور دودھ ملا کر یا دودھ اور سوڈا واٹر ملا کر تھوڑا تھوڑا پینے کے لئے دیں۔ بخار میں پانی بند نہیں کرنا چاہیئے اور تھوڑا تھوڑا سرد پانی ضرور

دیتے رہنا چاہیئے۔

مجربات نمبر K.H.101 ملیریا بخار (MALARIA FEVER)

علامات ملیریا بخار کی مندرجہ بالا علامات کے علاوہ اگر ساتھ ہی گردہ میں تکلیف ہو اور انتڑیوں کے فعل میں فتور ہو تو یہ مندرجہ ذیل نسخہ مفید ثابت ہوتا ہے۔

نسخہ

بربیرس ولگیرس ۱×	چینی نم آرس ۳×
یوکلپٹس ۱×	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر دن میں چار مرتبہ استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.102 بچوں کا ملیریا بخار

(MALARIA FEVER)

علامات بچوں کے ملیریا اور نوبتی بخار میں یہ نسخہ مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس کے استعمال سے بخار رک جاتا ہے۔ قوائے ہاضمہ کو قوت ملتی ہے۔ خواہ بخار چڑھا ہوا ہو خواہ اُترا ہوا ہو، دونوں حالتوں میں استعمال ہو سکتا ہے۔

نسخہ

ایتم کروڈم ۳×	نکس وامیکا ۶×
کونین سلف ۳×	آرسینکم ۶× (ہم وزن)

خوراک شیرخوار بچوں کو دو دو قطرے اور بڑے بچوں کو تین تین قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر ہر دو گھنٹہ کے بعد استعمال کرائیں۔

ضروری ہدایات اگر مریض بچہ کو قبض بہت ہو تو مرکیوریس ڈلسس ۱× ایک ایک گرین بھی اس دوا کی ہر خوراک میں شامل کرتے جائیں۔ قبض بھی دور ہو جائے گی اور بخار بھی اتر جائے گا۔ اگر قبض سخت ہو تو گلیسرین کی بتی بچہ کی مقعد میں داخل کردیں۔ تھوڑی دیر کے بعد پاخانہ اتر آئے گا۔ حسب ضرورت کسٹر آئیل بھی دیا جا سکتا ہے۔

مریض بچہ کو صرف دودھ اور پانی ہی دینا چاہیئے۔ پیٹ بھر کر غذا نہیں دینی چاہیئے بڑے بچوں کو ساگو دانہ پتلی کھچڑی اور ارارروٹ بھی دیا جا سکتا ہے۔ روٹی اور دیگر ثقیل اغذیہ نہیں دینی چاہیئے۔ خالی شکم رہنا مفید ہے۔ پیاس کی شدت کو دور کرنے کے لئے مریض کو سرد پانی تھوڑا تھوڑا دیتے رہنا چاہیئے۔ برف کے ٹکڑے چوسنے کے لئے دیں۔ سوڈا واٹر برف میں سرد کیا ہوا پلا دیں۔ آش جو اور دودھ ملا کر یا سوڈا واٹر اور دودھ ملا کر تھوڑا تھوڑا پینے کے لئے دیں۔ بخار میں پانی بند نہیں کرنا چاہیئے بلکہ تھوڑا تھوڑا سرد پانی ضرور دینا چاہیئے۔

مجربات نمبر K.H.103 پائیوریا، خانۂ دانت میں پیپ پڑنا

(PYORRHOEA)

علامات مسوڑھوں میں درد ہوتا ہے۔ خانۂ دانت میں پیپ بھر گئی ہو۔ تکلیف بہت ہوتی ہو۔ اس دوائی کے استعمال سے پیپ جذب ہو جاتی ہو، اور جو جذب نہ ہو سکے وہ خارج ہو جاتی ہے۔

نسخہ

آرم میٹلیکم ۳	مرکیوریس کار ۶
ہیپ ٹیشیا ۳	نائیٹرک ایسڈ ۶
کاربو ویجی ۳	پلانٹیگو ۳×
کاسٹیکم ۶	سلیشیا ۳×
سس ٹس ۳	سٹافی سیگریا ۳× (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے دوا ایک گھونٹ گرم پانی میں ملا کر ہر تین گھنٹہ بعد استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات دانتوں کو صاف ستھرا رکھنا چاہیئے۔ صبح اور رات کو سوتے وقت مسواک یا برش سے صاف کرنا بے حد ضروری ہے۔ غذا میں پھل اور سبزیاں ترکاریاں زیادہ مقدار میں استعمال ہونی چاہیئں۔ وٹامن سی والی اشیاء سنگترہ، لیموں اور ٹماٹر وغیرہ کا وافر استعمال بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

مجربات نمبر K.H.104 فربہی، موٹاپا (OBESITY)

علامات | مریض حد اعتدال سے زیادہ موٹا ہوتا چلا جائے۔ سانس پھولا رہے۔ وجع المفاصل، قبض، بدہضمی اور دیگر امراض جو کہ فربہی پیدا کرتے ہیں۔ ان کو بھی دور کرتی ہے۔

نسخہ

ایپس میلیفکا ۳	فائٹولیکا ۱x
برائیٹا آیوڈائیڈ ۳	تھائرائیڈین ۳x

خوراک | دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں شامل کرکے دن میں تین بار استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات | میٹھی اشیاء سے پرہیز کریں اور ترش اشیاء استعمال میں لائیں۔ میدہ کی روٹی، مکھن، دودھ، شکر، آلو بیٹر، شوربا بیئر وغیرہ سے پرہیز کریں۔ ان کے علاوہ باقی اشیاء استعمال میں لائیں۔ اس طرح کرنے سے آدھ سیر وزن ایک ہفتہ میں کم ہوجائے گا۔

مجربات نمبر K.H.105 وجع المفاصل، بائی کی دردیں

(RHEUMATISM-CHRONIC)

علامات | عضلات دکھتے ہوں، جوڑوں اور گھٹنوں میں درد ہوتا ہو۔ وجع المفاصل کے ہمراہ درد بھی ہو۔ حرکت کرنے سے اور نیز بوقت شب درد زیادہ ہوتا ہے۔

نسخہ

کسکارا ۳x	رسٹاکس ۳x
گوائیکم ۳x	کالچی کم ۳x
ریڈیم ۳x	یوپاٹوریم پرف ۳x
برائیونیا ۳x	ہائپریکم ۶x
[illegible] ۲x	لیڈم پال ۳x (ہم وزن)

خوراک | دس دس قطرے یہ دوا تازہ پانی کے دو ایک گھونٹ میں ملاکر ہر تین گھنٹہ بعد استعمال کریں۔

مجربات نمبر K.H.106 موتیابند، نزول الماء، پھولا

CATARACT

علامات | موتیابند ابتدائیہ ہو۔ اس دوائی کے استعمال سے موتیابند کے جذب ہونے میں بہت مدد ملتی ہے۔ ضعف بصارت میں اس دوائی کا استعمال بہت نافع ہے۔ اس کے متواتر استعمال سے نظر کی کمزوری دور ہوجاتی ہے پھلی اور پھولا دور ہوجاتا ہے اور آنکھ صاف ہوجاتی ہے۔

نسخہ

کلکیریا فلور ۳x	یوفریزیا ۳
کاسٹیکم ۶	فاسفورس ۶
سنریریا ۳	سلیشیا ۳
کونیم ۳	سلفر ۳

خوراک :۔ دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملاکر دن میں تین مرتبہ استعمال کروائیں۔

خارجی علاج | سنریریا مارٹیما روزانہ آنکھ میں تین مرتبہ ڈالنی چاہیئے۔ یہ دوائی موتیابند اور پھولا کے لئے اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔

مجربات نمبر K.H.107 بہراپن DEAFNESS

علامات | بہراپن ہو، اونچا سنائی دیتا ہو۔ غدود گلو متورم کی وجہ سے ساعت میں فتور آجائے۔

نسخہ

اگرافس ۳x	کلکیریا فلور ۳x
برائٹا کارب ۳x	چینوپوڈیم ۳x
برائٹا میور ۳x	چینی نم سلفت ۳x

گریفائیٹس ۳ — فاسفورس ۶

کالی میور ۳ — سیلیشیا ۳

نائٹرک ایسڈ ۳ — درباسکم ۳ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.108 کان کا درد (OTALGIA)

علامات کان میں درد ہو خواہ اس کی نوعیت کچھ بھی ہو۔ سوزش ہو۔ کان کے اندر ورم ہو، یا عصبی درد ہو۔ اس دوائی کے کھانے سے آرام ہو جاتا ہے۔

نسخہ

ایکونائیٹ ۳ — کیپر سلفر ۳

بیلاڈونا ۶ — پلانٹیگو ۳

کیپ سی کم ۳ — پلساٹیلا ۳

کیمومیلا ۳ — درباسکم ۳

فیرم فاس ۳ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر ہر ایک گھنٹہ بعد استعمال کروائیں۔

خارجی علاج ایکونائیٹ × ۱، بیلاڈونا ہ پلانٹیگو ہ درباسکم ہ پلساٹیلا ہ اور ادیم ہ کو ملا کر اور ان سب کے ہم وزن گلیسرین ملا کر کان میں ڈالنے کی دوائی بنائی جاتی ہے۔

اس کے چار پانچ قطرے کان میں دن میں تین چار مرتبہ ڈالنے سے کان کا درد درست ہو جاتا ہے۔ اگر خارجی اور اندرونی ہر دو علاج کئے جائیں تو جلدی آرام آنے میں کوئی شک و شبہ نہیں رہتا۔

کامیاب ایئر ڈراپس بھی خارجی استعمال کے لئے ایک بے مثال اکسیر دوا ہے۔

ضروری ہدایات کان پر روئی رکھ کر پٹی باندھیں اور اس کے اوپر ٹکور کریں (پسا ہوا نمک، چھان اور ریت ملا کر گرم کر کے

پوٹلی باندھیں)

مجربات نمبر K.H.109 شیاٹیکا، لنگڑی کا درد، عرق النساء۔ SCIATICA

علامات: یہ ایک قسم کا عصبی درد ہے۔ جو ران کے بالائی حصے سے ایڑی تک جاتا ہے۔ شام کو درد زیادہ ہو۔ حرکت کرنے سے بھی درد زیادہ ہوتا ہے۔ کسی پہلو بھی آرام نہ آتا ہو۔ نقاہت بہت ہو۔

نسخہ

ایکونائیٹ × ۳ — بیلاڈونا × ۳

کالچی کم × ۳ — سمی سی فیوگا × ۳ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر ہر دو یا تین گھنٹہ کے وقفہ سے استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات ماؤف مقام پر فلالین کا ٹکڑا رکھ کر اور اس پر دھوبی کی یا درزی کی گرم گرم لوہے کی استری رکھنا بھی مفید ہوا کرتا ہے۔ جنگاسہ کے اوپر فلالین کا ٹکڑا یا روئی رکھنا آرام دہ ہوتا ہے۔

مریض کو مقوی غذا دینی چاہیئے۔ لیموں کا رس (لائم جوس)، بہت مفید ہوتا ہے۔ مریض کو شراب و کباب سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ اور اس قدر محنت کرنی چاہیئے کہ جس سے تکان ہو جائے۔

مجربات نمبر K.H.110 سکروی، اسکربوط SCURVY

علامات اس مرض میں مسوڑے پلپلے ہو جاتے ہیں اور جسم کے مختلف مقامات سے جریان خون کا میلان ہوتا ہے۔ ناقص و ناکافی غذا اس کا باعث ہوتا ہے۔

نسخہ

کاربو ویج ۶ — نکس وامیکا ۶

مرکیورلیس ۶ — سٹانی سیگریا ۶

میوریاٹک ایسڈ ۶ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو گھونٹ پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ استعمال کریں۔

ضروری ہدایات غذا متوازن دی جائے۔ خاص کر وٹامن سی والے اجزا زیادہ استعمال کیے جائیں۔ مثلاً سنگترہ، کینو، ماش وغیرہ۔

مجربات نمبر K.H.111 جریان منی، احتلام

SPERMATORRHOEA

علامات پیشاب سے پہلے یا بعد میں منی یا مذی کے قطرات کا اخراج ہو۔ ضعف باہ ہو۔ جیسے سکڑ گئے ہوں، احتلام کی کثرت ہو، پیشاب کی نالی اور فوطوں میں درد ہو۔

نسخہ

اگنیس کاسٹس ۱x	سیلینئم ۳x
ڈامیانہ ۱x	ثانی سیگریا ۱x
سٹرکنیا فاسس ۳x	زنکم فاسس ۳x
فاسفورک ایسڈ ۱x	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے دوا ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.112 بچوں کے دست

(DIARRHOEA IN INFANTS)

علامات:- بچوں میں دستوں کی شکایت کا ہونا۔ شیر خوار بچوں یا بڑے بچوں دونوں کے لئے یہ مرکب اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

نسخہ

ایتھوزا ۱x	آرجنٹم نائٹریکم ۳x
آرسینکم البم ۶	جلاپہ ۳
بسمتھ ۳	مرکیوریس ڈلسس ۳

گلیسریا فاس ۳	نکس وامیکا ۶
کیمومیلا ۳	رومیم ۳
کروٹن ٹگلیم ۱۲	ورا ٹرم البم ۳
اپیکاک ۳	پلسا ٹیلا ۳

خوراک تین سے پانچ قطرے تک یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر ہر دو گھنٹہ بعد استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات بچے کو بار بار دودھ نہ پلائیں۔ بلکہ دیر دیر بعد دودھ پلائیں۔ البیومن واٹر (انڈے کی سفیدی کا پانی تھوڑی مقدار میں دینے سے اسہال کے بند ہونے میں مدد ملتی ہے) دودھ پلانے والی مستورات کو کھٹی میٹھی اور ثقیل اشیاء مثلاً مٹھائی، اچار، پکوڑوں، امرود، لوکاٹ، کھیرا، ککڑی وغیرہ سے پرہیز کرنا چاہیئے۔

مجربات نمبر K.H.113 تاپ تلی اور ورم جگر

(SPLEEN & LIVER ENLARGED)

علامات ملیریا بخار یا کسی اور وجہ سے تلی یا جگر کا بڑھ جانا، پسلیوں کے نیچے انگلیوں سے ٹٹولنے پر بڑھا ہوا جگر یا تلی محسوس ہو۔

نسخہ

فیرم فاسس ۶	کالی میور ۶ (ہم وزن)

خوراک پانچ پانچ قطرے یہ دوا دن میں چار مرتبہ دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر استعمال کریں۔

مجربات نمبر K.H.114 مثانہ کی پتھری، سنگریزہ، مثانہ کا درد قولنج

(CALCULI GRAVEL)

علامات مثانہ میں پتھری اور سنگریزوں کا موجود ہونا۔ بعض اوقات پیشاب کرتے وقت مثانہ میں درد کی ٹیسیں اٹھتی ہوں۔ پیشاب رک رک کر آتا ہوا اور مثانہ میں بوجھ محسوس ہوتا ہو۔

نسخہ

	لائیکوپوڈیم ۶
بیلاڈونا ۶	اوسی میم ۳
بربیرس ولگیرس ۳	سالی ڈاگو ۳
کلکیریا رینالس ۳	ٹنگاٹا ۳
کینتھرس ۳	تھلاسپی برسا ۳
ڈایاسکوریا ۳	(ہم وزن)
یوپاٹوریم پرپ ۳	

خوراک | دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر ہر تین گھنٹہ کے بعد استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات | غذا میں ہلکی اور زود ہضم اشیاء نیز پھل اور سبزیوں ترکاریوں کا زیادہ استعمال مفید ثابت ہوتا ہے۔

مجربات نمبر K.H.115 دردِ گردہ، گردہ کی جلن

(PAIN IN RENAL REGION & BURNING)

علامات | مریض کو گردہ کے مقام پر متواتر درد کی شکایت رہتی ہو اور جلن محسوس ہوتی ہو تو یہ مرکب مفید ہوتا ہے۔

نسخہ

	مرکیوریس کار ۶
ایکونائیٹ ۳	فاسفورس ۶
بربیرس ولگیرس ۳	سلفر ۳
کینتھرس ۶	ٹیری بنتھینا ۳
ہیلونائیز ۳	(ہم وزن)
لائیکوپوڈیم ۶	

خوراک | دس دس قطرے یہ دوا ہر ایک گھنٹہ کے وقفہ سے تازہ پانی کے دو ایک گھونٹ میں ملا کر استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.116 پیشاب مشکل سے درد کے ساتھ آہستہ آہستہ آئے

(DYSURIA)

علامات | پیشاب درد اور بہت تکلیف سے آئے۔ آہستہ آہستہ خارج ہو۔ جلن ہو۔ اگر پیشاب کرتے وقت بہت زور لگانا پڑے، یعنی کو تھنا پڑے تو بھی یہ دوائی شافی ہوتی ہے۔

نسخہ

اپیس ۳	یوپاٹوریم پرپ ۳
بیلاڈونا ۶	اوئیم سینٹالی ۳
کینابس سٹائیوا ۳	ساپال میٹو ۳
چمافیلا ۳	سارساپریلا ۳
کینتھرس ۶	سیپیا ۳
کلیمیٹس ۳	سالی ڈاگو ۳
اکوی زیٹم ۳	ٹری ٹیکم ۳

خوراک | دس دس قطرے یہ دوا ہر ایک گھنٹہ بعد دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات: مریض کو گرم پانی میں بٹھانا بھی مفید ثابت ہوتا ہے۔

مجربات نمبر K.H.117 بجیریں، خنازیر

SCROFULA

علامات | بجیریں ہوں غدود متورم ہو گئے ہوں اور درد کرتے ہوں، خواہ بخار بھی ہو جاتا ہو۔ مریض کمزور ہوتا جا رہا ہو۔ خواہ بجیریں پھٹ گئی ہوں خواہ پھٹی نہ ہوں، درد کرتی ہوں یا نہ کرتی ہوں۔ ہر حالت میں یہ دوائی مفید ہے۔

نسخہ

آرسینکم آئیوڈائیڈ ۳	برائٹا کارب ۳
آرم میٹیلکم ۳	سٹس ۳
آرم آئیوڈائیڈ ۳	ہیپر ۳
برائٹا میور ۳x	سلیشیا ۳
برائٹا آئیوڈائیڈ ۳x	ٹیوبرکیولائنم ۶
کلکیریا آئیوڈائیڈ ۳x	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ استعمال کروائیں۔

خارجی علاج غدودوں پر کاڈیور آئل خالص کی مالش کرنی چاہیئے۔ روزانہ دن میں دو مرتبہ صبح اور شام مالش آہستہ آہستہ کرنی چاہیئے

اگر پھیریاں پھوٹ چکی ہوں اور مواد بہتا ہو تو مواد کو بورک لوشن سے صاف کرکے کیلنڈولا آئیل میں تر شدہ روئی کا پھویہ بھر دینا چاہیئے اور اوپر سے پٹی باندھ دینی چاہیئے۔ کیلنڈولا آئیل زخم کو صاف کرنے اور بھرنے میں کمال کا اثر رکھتا ہے۔

مجربات نمبر K.H.118 بادِ فرنگ، آتشک

SYPHILIS

یہ ایک فرانسیسی ڈاکٹر ماہر آتشک کا مقبول نسخہ آتشک ثانوی و ثلاثی کے لئے کئی چوٹی کے ڈاکٹروں نے اکسیر مانا ہے۔ اگر اس کو کامیاب سفلونیم کے ہمراہ استعمال کیا جائے تو اور بھی زیادہ مؤثر ہوتا ہے۔

نسخہ

آرسینکم آئیوڈائیڈ ۳x	مرزیریم ۶
آرم آئیوڈائیڈ ۳x	نائیٹرک ایسڈ ۶
مرکیوریس بن آئیوڈائیڈ ۶	سفلائینم ۶
کالی آئیوڈائیڈ ۳	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ استعمال کریں۔

خارجی علاج تھوڑی سی روئی لے کر اور اس کو نرم کیلنڈولا آئیل میں بھگو کر دن میں دو یا تین مرتبہ زخم کے اوپر باندھ دینی چاہیئے۔ اس سے زخم کے صحت یاب ہونے میں مدد ملتی ہے۔

مجربات نمبر K.H.119 مقوی اعصاب و دماغ

(TONIC-NERVE & BRAIN)

علامات یہ دوائی نظام عصبی کو طاقت بخشتی ہے۔ رعشہ، فالج، ادھرنگ میں نہایت مفید ہے۔ عصبی کمزوری کو دور کرتی ہے اور پٹھوں کو طاقت دیتی ہے۔ جن امراض میں پٹھے کمزور ہو گئے ہوں۔ ان میں یہ بہت سودمند ہوتی ہے۔

نسخہ

کلکیریا فاس ۶	میگنیشیا فاس ۶
فیرم فاس ۶	نیٹرم فاس ۶
کالی فاس ۶	(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دن میں دو مرتبہ تازہ پانی میں ملا کر دیں، رعشہ وغیرہ میں اس کی خوراک ہر دو گھنٹہ کے بعد دہرائی جاتی ہے۔

مجربات نمبر K.H.120 مقوی جسم

(CONSTITUTIONAL TONIC)

علامات جسمانی نظام کمزور ہو۔ ہر قسم کی غذا کا استعمال جزو بدن نہ بنے اور طبیعت نڈھال اور پژمردہ رہے تو مندرجہ ذیل ٹانک اکسیر ثابت ہوتا ہے۔

نسخہ

چائنا ۳	فاسفورک ایسڈ ۲x
نکس وامیکا ۶	سلفر ۶ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے صبح، دوپہر، شام کھانا کھانے سے قبل دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H 121 مقوی معدہ (STOMACH TONIC)

علامات ہاضمہ کمزور ہو۔ غذا مناسب طور پر ہضم نہ ہوتی ہو تو یہ مرکب مفید ہے

نسخہ

نکس وامیکا ۶

کیپ سی کم ۶ (ہم وزن)

خوراک | دس دس قطرے یہ دوا دن میں تین مرتبہ صبح، دوپہر اور شام کو دو ایک گھونٹ تازہ پانی کے ساتھ ملا کر پلائیں۔

مجربات نمبر K.H.122 گلے پڑنا، غدود گلو کا متورم ہونا

(TONSILLITIS)

علامات | مرض کی ابتدا میں یہ دوائی سودمند ہوتی ہے۔ حلق میں سوزش، غدود گلو متورم خناق کا ڈر ہو، حلق اور گردن کے عضلات درد کرتے ہوں اور سر درد رہتا ہو۔

نسخہ

مرکیوریس بن آئیوڈائیڈ ۶

بیلاڈونا ۶

فائٹولیکا ۶ (ہم وزن)

فیرم فاس × ۶

خوراک | دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر ہر تین گھنٹہ کے وقفہ سے استعمال کریں۔

مجربات نمبر K.H.123 دانت کا درد، درد دنداں

TOOTHACHE

علامات | درد خواہ ثابت دانت میں خواہ بوسیدہ دانت میں ہوتا ہو۔ خواہ ریشہ کا درد ہو۔ یہ دوا ہر حالت میں مفید ہوتی ہے۔

نسخہ

کریازوٹ ۶

میزریم ۶

پلساٹیلا ۶

پلانٹیگو ۶

شانی سیگریا ۶

مرکیوریس سالو × ۶

بیلاڈونا ۶

(ہم وزن)

خوراک | دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر آدھ گھنٹہ کے بعد آرام آنے تک دیتے رہے۔

خارجی علاج | پلانٹیگو مدر ٹنکچر، بیلاڈونا × ۱، کیمومیلا × ۱، کریازوٹ × ۱ ملانے سے دانت درد کی بڑی اعلیٰ دوائی بن جاتی ہے۔ روئی کا چھوٹا سا پھویہ اس لوشن میں ڈبو کر بوسیدہ دانت کے سوراخ میں رکھ دیں۔ دوائی کو باہر نہ تھوکیں بلکہ اندر نگلیں۔ اس طرح دو تین بار یہ عمل کرنے سے درد کو آرام آجاتا ہے۔

مجربات نمبر K.H.124 فالج، شل ہونا، ادھرنگ PARALYSIS

علامات:۔ فالج ہو، خواہ سارے جسم کا، خواہ کسی ایک حصۂ جسم کا، اس دوا کا استعمال مفید ہوتا ہے۔

نسخہ

ایکونائیٹ ۶

آرجنٹم نائٹریکم ۶

برائٹامیور ۶

ہائپیریکم × ۶

بیلاڈونا ۶

کالی فاس × ۶

کاسٹیکم ۶

فاسفورس ۶

جلسی میئم ۶

زنکم فاس × ۳ (ہم وزن)

خوراک:۔ دس دس قطرے یہ دوائی ہر دو گھنٹہ کے بعد تازہ پانی میں ملا کر استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات | مریض کو آرام سے بستر پر لٹائے رکھیں اور اسے اٹھنے بیٹھنے کی اجازت نہ دیں۔ قبض ہرگز نہ ہونے دیں۔ غذا لطیف اور زود ہضم دیں۔ دودھ سب سے بہتر غذا ہے۔ مالش کرنا اور الیکٹرو ڈیلک مشین کا کرنٹ لگانا بھی بہت مفید ہے۔ نیز قبض کے لئے انیما کرنا اور سمندر کے پانی میں نہانا بھی فائدہ مند ہے۔

مجربات نمبر K.H.125 لقوہ

FACIAL PARALYSIS

علامات | لقوہ کے باعث منہ ٹیڑھا ہو گیا ہو۔ خواہ دائیں طرف کا لقوہ ہو خواہ بائیں طرف کا ہر حالت میں یہ دوائی کارگر ہوتی ہے۔

نسخہ

ایکونائیٹ ۶

کالی کلوریکم ۶

امونیم فاسفوریکم × ۳

زنکم پکریکم × ۳

براسٹاکارب ۶ — رسٹاکس ۱۲

کاشیکم ۶ — (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے دوایک گھونٹ تازہ پانی میں ملاکر ہر دو گھنٹہ کے وقفہ سے استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.126 سر چکرانا، دورانِ سر VERTIGO

علامات دل یا بڑھاپے کی وجہ سے چکر آتے ہوں۔ بوجہ کمزوری سر لگاتار چکراتا ہو۔ بعض اوقات اباق بھی آتے ہوں۔ جھکنے سے چکر زیادہ آنے ہوں۔ اور ہر وقت گر جانے کا ڈر لگا رہتا ہو۔

نسخہ

کیمفورا ۲x

آرم میور ۳ — کونیم ۶

ایڈ نائیز ڈمیور ۲x — گرےنیئم ۶ (ہم وزن)

بیلاڈونا ۶

خوراک دس دس قطرے دوایک گھونٹ تازہ پانی میں ملاکر ہر ایک گھنٹہ کے بعد استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.127 قۓ حاملہ، (حاملہ کو قیئں آنا)

(VOMITING OF PREGNANCY)

علامات مستورات کو حمل کے دوران قیئں آنا، اس کے علاوہ دوسری عام قے میں بھی یہ دوا بہت مفید ہے۔

نسخہ

سیریم آگزلیٹ ۱x

بسمتھ ۳ — اپیکاک ۶ (ہم وزن)

پپ سین ۳x

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دوایک گھونٹ تازہ پانی میں ملاکر پہلے چار مرتبہ ہر نیم گھنٹہ کے وقفہ سے اور بعد ازاں ہر دو گھنٹہ کے بعد استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.128 چھوٹے، چرنے

(WORMS INTESTINAL)

علامات بچوں میں آنتوں میں باریک سوت کے سے چھوٹے چھوٹے کیڑے پیدا ہو جائیں۔ بچہ بےچین اور چڑچڑا رہے۔

نسخہ

مرکیوریس ڈلسس ۶ — نیٹرم فاس ۳x

سنیٹونائین ۲ — سپائی جیلیا ۶

سائنا ۳ — ٹیوکریم ۶

شینم ۳ — دی اولا اوڈ ۳

فائی لکس ماس ۱x — (ہم وزن)

خوراک پانچ پانچ قطرے یہ دوا دوایک گھونٹ تازہ پانی میں ملاکر ہر تین گھنٹہ کے بعد بچہ کو پلائیں۔ یہ عارضہ بڑوں کو ہو تو دس دس قطرے فی خوراک دیں۔

ضروری ہدایات مریض کو مقعد کے اندر روزانہ تیل لگانا چاہیئے۔ اس سے خارش بھی کم ہو جاتی ہے اور کرموں کے انڈے بھی نشو ونما نہیں پاسکتے۔ مٹھائی، چینی اور گڑ وغیرہ نیز مکھن، گھی وغیرہ سے بھی پرہیز مناسب ہے۔ کھانے میں نمک زیادہ کھانا چاہیئے۔ نیز خراب پانی اور خراب میوہ جات اور خراب گوشت اور ان دھوتی سبزی ترکاری کھانے سے پرہیز لازم ہے۔

مجربات نمبر K.H.129 اکسیرِ درد

(PAIN REMEDY)

علامات درد کسی بھی قسم کا ہو اور جسم کے کسی بھی حصہ میں ہو، ایسے رفع کرنے کے لئے اس مرکب کا استعمال بے حد مفید ہے۔

نسخہ

رسٹاکس ۳ — لیڈم پال ۳

بربیرس ولگیرس ۱x — (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر ہر دو گھنٹہ بعد استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.130 ہر قسم کا ناسور، بھگندر، پرانا زخم

FISTULA

علامات یہ دوائی ہر قسم کے ناسور، پرانے زخم اور ناسور مقعد (بھگندر) میں بہت نافع ہے بارہا آزمائی جا چکی ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

نسخہ

آرم میور ۲	ہیپر سلف ۶
بربیرس ولگیرس ۲	سیلیشیا ۶
رٹیہنیا ۲	

(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.131 پیشاب میں شکر کا اخراج

(DIABETES)

علامات ذیابیطس شکری کا یہ ایک مجرب اور آزمودہ نسخہ ہے پیشاب بار بار آتا ہو اور اس میں شکر کا اخراج ہوتا ہے۔ پیاس بھی بار بار لگتی ہے۔ حد درجہ کی نقاہت ہو جاتی ہے۔

نسخہ

آرسینکم برومیٹم ۲	چیو ننتھس ۳۰
رس ایرومیٹک ۳۰	

(ہم وزن)

خوراک تیس تیس قطرے یہ مرکب نصف چھٹانک تازہ پانی میں ملا کر صبح دوپہر اور شام دن میں تین مرتبہ استعمال کروائیں۔

غذا موٹے اور ان چھانتے آٹے کی روٹی، چاول، مکھن، گھی، بالائی تازہ دہی، چھاچھ، پنیر، گوشت، انڈے، سبزی، ترکاری اور ساگ پات کا استعمال مفید ہوتا ہے۔ آلو بمعہ چھلکا گھی میں بھون کر کھائیں، میوہ جات

بادام، اخروٹ، پستہ، چلغوزہ کا استعمال بھی مفید ہے۔ مریض کو خوش و خرم رہنا چاہیئے۔ تازہ ہوا میں سیر و تفریح بھی مناسب ہے۔

شیریں اور نشاستہ دار اغذیہ سے نیز شراب و دیگر منشی اشیاء علاوہ بریں چقندر، شلغم، گاجر، زمین قند سے پرہیز کرنا چاہیئے۔

مجربات نمبر K.H.132 اکسیر آلات بول

(URINARY TROUBLES)

علامات پراسٹیٹ گلینڈ کی جلن و خارش، سوزش مثانہ، سوزش، برض گردہ، سوزش نائیزہ اور دیگر امراض آلات بول کے لئے نہایت مفید ہے۔

نسخہ

سابل سیرو لاٹا ۱×	یوفرنیریا ۱×
پریرا بریوا ۱×	

(ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر کھانا کھانے کے نصف گھنٹہ بعد استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات تیز مرچ مصالحہ اور گرم تاثیر والی اشیاء نیز گوشت مچھلی، انڈا وغیرہ سے پرہیز مناسب ہے۔

مجربات نمبر K.H.133 بے خوابی عصبی INSOMNIA

علامات عصبی اکساہٹ کے باعث نیند نہ آتی ہو تو یہ مرکب نہایت تسکین بخش اور خواب آور ثابت ہوتا ہے۔ اس کے استعمال سے بے چینی دور ہو کر قدرتی نیند آجاتی ہے۔ مرگی، تشنج، ہسٹریا، عصبی بے خوابی وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

نسخہ

کیمومیلا ۲×	اگنیشیا ۳×
ہائیوسیامس ۲×	

(ہم وزن)

خوراک پندرہ پندرہ قطرے صبح، دوپہر اور رات کو سوتے وقت دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر پلائیں۔

مجربات نمبر K.H.134 اکسیر درد ہمہ قسم

(PAIN CURE)

علامات | کمر میں درد، دردِ سر، پیٹ درد، لنگڑی کا درد یا انفلوئنزا وغیرہ کے درد ہمہ اقسام کے دردوں میں اس کا استعمال مفید ہے

نسخہ

کالی فاس ۶
فیرم فاس ۶ (ہم وزن)
میگنیشیا فاس ۶

خوراک | پانچ پانچ قطرے یہ مرکب تین تین مرتبہ دن میں تازہ پانی کے دو ایک گھونٹ میں ملاکر استعمال کروائیں۔

مجربات نمبر K.H.135 اکسیر قبض

CONSTIPATION

علامات | لگاتار قبض رہتی ہو۔ کوشش کے باوجود اجابت نہ ہوتی ہو۔ بھوک کی کمی اور طبیعت کی گرانی نیز درد سر وغیرہ کی شکایت رہتی ہو، تو اس مرکب کا استعمال بے حد مفید ثابت ہوتا ہے۔

نسخہ

چیلی ڈونیم ۱× پوڈوفائلم ۱×
یونو مین ۱× اپیکاک ۱× (ہم وزن)

خوراک | بڑوں کو دس دس قطرے اور بچوں کے لئے نصف خوراک دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملاکر دن میں تین مرتبہ پلائیں۔

مجربات نمبر K.H.136 الفالکو

(ALFALCO)

علامات | یہ ایک مقوی اور مولد خون مرکب ہے، دل اور دماغ کو فرحت اور طاقت دیتا ہے۔ ہاضمہ کو قوت بخشتا ہے جسم کو تندرست،

توانا اور فربہ بناتا ہے۔ دماغ کو تروتازہ رکھتا ہے۔ اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔ اور قدرتی نیند لاتا ہے بیماری سے شفایاب ہونے کے بعد کی کمزوری کے لئے بھی بے حد مفید ہے

نسخہ

الفالفا ۱×
چائنا ۱×

خوراک | دس دس قطرے تازہ پانی کے دو ایک گھونٹ میں ملاکر دن میں تین مرتبہ پلائیں۔

مجربات نمبر K.H 137 فائیو فاس

(FIVE PHOS)

علامات | عام جسمانی اور دماغی کمزوری۔ اچھی غذا کے باوجود طبیعت گرتی جائے۔ کسی کام میں جی نہ لگے۔ یادداشت خراب رہے ہر وقت تھکن محسوس ہو۔ سونے کے بعد بھی جسم کی زائل شدہ چستی اور طاقت بحال نہ ہو تو مندرجہ ذیل مرکب کا استعمال انتہائی مفید ثابت ہوتا ہے۔

نسخہ

کلکیریا فاس ۳۰ میگنیشیا فاس ۳۰
فیرم فاس ۳۰ نیٹرم فاس ۳۰
کالی فاس ۳۰ (ہم وزن)

خوراک | دس دس قطرے یہ مرکب دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملاکر دن میں تین مرتبہ استعمال کریں۔

ضروری ہدایات | ہاضمہ کو درست رکھیں، بادی، قبض کرنے والی ثقیل غذاؤں سے پرہیز کریں۔ سبزی، ترکاری پھل وغیرہ کا استعمال زیادہ کریں۔ رہن سہن کے طریقوں میں حفظانِ صحت کے عام اصولوں کی پابندی بھی بہت مفید ثابت ہوتی ہے

مجربات نمبر K.H.138 سنی ریریا میری ٹیما لوشن

(CINERARIA MARITIMA LOTION)

علامات موتیا بند اور پھولا کی نہایت ہی اعلیٰ دوائی ہے۔ نیز جب چوٹ آنے کے باعث آنکھ میں پھولا وغیرہ امراض پیدا ہو گئے ہوں تو یہ دوائی آنکھ میں ڈالنے سے آرام آجاتا ہے۔

نسخہ

سنریریا مارٹیما ۵ روز واٹر (ہم وزن)

ترکیبِ استعمال دو دو بوند یہ دوا آنکھ میں تین مرتبہ روزانہ ڈالنی چاہیئے اور یہ دوا کئی ماہ تک جاری رکھنی چاہیئے۔

مجربات نمبر K.H.139 مٹاپے کی دوا

(OBESITY)

علامات مٹاپے، بائی کے دردوں اور بدہضمی کے لئے اکسیر کا درجہ رکھتی ہے جن اشخاص میں چربی بڑھ گئی ہو اور اس کے باعث وہ موٹے ہوتے چلے جارہے ہوں اور خون کی کمی ہو ان کو اس دوا کا استعمال کرنا چاہیئے اس سے آہستہ آہستہ موٹاپا کم ہوتا جاتا ہے اس کے استعمال سے جسم میں خون پیدا ہو کر مریض تندرست و توانا ہو جاتا ہے اس کے استعمال سے نہ مریض کو دست آتے ہیں اور نہ وہ جسمانی طور پر کمزور ہوتا ہے بلکہ اس کے برعکس اس میں خون کا اضافہ ہو کر وہ زیادہ تندرست اور مضبوط ہو جاتا ہے۔

نسخہ

فائیٹولیکا سکس کلکیریا فلور ۶ (ہم وزن)

خوراک پانچ پانچ قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ استعمال کروائیں۔

ضروری ہدایات موٹاپے کو دور کرنے کے لئے غذائی نظام میں بھی مناسب ردّ و بدل کرنا اشد ضروری ہے پروٹینی اور نشاستہ دار اغذیہ کی مقدار حتی الامکان حد تک کم کر دی جائے پھل اور سبزیاں ترکاریاں مناسب مقدار میں استعمال کی جائیں آرام طلبی اور کاہلی کی زندگی کو خیرباد کہہ کر مشقت کی عادت پیدا کی جائے وزن کم ہونے کے ساتھ

ساتھ ہی یہ بھی خیال رکھا جائے کہ جسمانی قوت میں نامناسب حد تک ضعف پیدا نہ کیا جائے۔ زیادہ بہتر یہی ہے کہ یہ تمام عمل کسی قابل معالج کی زیرِ نگرانی ہو۔

مجربات نمبر K.H.140 جوہرِ برہمی مرکب

(HYDROCOTYLE ELIXIR)

علامات حافظہ اور عقل بڑھانے میں لاثانی ہے ویدک گرنتھوں میں اس کی بڑی تعریف لکھی ہے۔ حاملہ عورتوں کے لئے برہمی کا استعمال بہت مفید لکھا ہے۔ اس کے استعمال سے اولاد تندرست و توانا اور عقل مند پیدا ہوتی ہے اعلیٰ درجہ کی مصفی خون ہے اور جلدی امراض میں اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔ پھنسیوں کیل خارش، چنبل، دھدر، برص یعنی پھلبہری اور کوڑھ تک کو دور کرتی ہے مقوی دل اور مفرح ہے یرقان اور ورم طحال کے لئے از بس مفید ہے

نسخہ

ہائیڈروکوٹائیل ۵ سارساپریلا ۵ (ہم وزن)

خوراک دس دس قطرے یہ دوا دو ایک گھونٹ تازہ پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ استعمال کروائیں۔

بائیوکیمک مجربات

